میں دے رہا ہوں، ایک بندہ 80 لاکھ روپے کی لینڈ جو ہے، ان کو دے رہا ہے، فزیبلٹی بھی آئی ہے، اس کے باوجود آپ کہتے ہیں تعلیمی ایمرجنسی ہے، یہ کس طرح کی ایمرجنسی ہوئی؟ جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے اور اس سکول کی مجھے، حبیب الرحمان صاحب جو اس وقت وزیر تعلیم کی جگہ جواب دے رہے تھے، باقاعدہ مجھے ایشورنس ملی اس اسمبلی سے کہ یہ 15-2014 کی اے ڈی پی میں آئے گا، اے ڈی پی میں کچھ نہیں۔ جناب سپیکر، انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کی طرف آتے ہیں۔ جناب سپیکر، په 14-2013 کښې په اے ډی پی کښې 758 ملین روپئ Industrial Estate Rehabilitation د پاره کیښودلې شوې وې، انډسټریز منسټر صاحب! لږ غوندې توجه راکړئ، دې هاؤس کښې زما ډیمانډ دا وو چې هغه د په تین تقسیم کړی، گدون له، حطار له او پیښور له، دریواړو انډسټریل سټیټو له د دې پیسې ورکړې شی۔ ما سره وعده اوشوه چې تا سره به سیکرټری انډسټریز کښینی، تر نن ورځې پورې هیڅ اونشو۔ دا ضلع یوائې زما ضلع ده؟ دا خو زمونږ د ټولو ضلع ده جی، دې له توجه پکار ده چې مونږ سره د گدون چې څه حق دے، هغه هغې ته ملاؤ شی۔ دغه رنګې په امبار کلی کښې زما ووکیشنل سنټر وو، یونیورسټی جوړه شوه، هغه شفټ شو بل کلی ته، اوس اے ډی پی 14-2013 کښې زما دوه ووکیشنل سنټرې سینکشن شوې وې، سی ایم صاحب هغه واپس کړې۔ زه د انډسټری منسټر صاحب ته د دې Substitute ورکوم، صوابئ ټیکنیکل ووکیشنل سنټر چې دے، هغه بند دے هیڅ شے پکښې نشته، تالا لګیدلې ده، زما دا خواست دے چې هغه د مونږ له امبار ته شفټ شی چې زمونږ بچی پکښې هنر ایزده کړی۔ Drinking water کښې، شاه فرمان صاحب نشته چې په 14-2013 کښې څه شوی دی، د هغې نه هغه ښه خبر دے، ماسره ئے وعده هم کړې وه، وہ وعدہ کیا جو وفا نہ ہو، زه په 15-2014 کښې د هغې منتظر یم چې هغه خپله وعده ماسره برابر کړی۔ جناب سپیکر صاحب، بس جی ډیر وخت نه اخلم، لږ غوندې بس۔ په مائننګ کښې سر-----

<u>جناب بخت بیدار</u>: دا خو د کلی وال دے سپیکر صاحب! کنه۔

<u>جناب عبدالکریم</u>: په مائننګ، په دوئ ډیره بده لګی، مائننګ کښې سر! زما علاقه په مائننګ کښې د درنګونو نه ډکه ده خو چې څنګه پښتو کښې ورته درنګ وائی

نو دغه شان د انګریزئ هغه د رنګ هم دے خو د دې مائننګ د وجې نه زمونږد علاقې ټول روډونه کیناستل، اوورلوډنګ کیږی نو زه مائننګ منسټر صاحب ته دا وایم چې دې د پاره د یو پالیسی جوړه شی چې د دې نه کوم ریونیو ځی هغوی له نو چې د هغې څه داسې سبب جوړ کړی چې کوم روډونه د دې وجې خراب شوی دی چې هغه په سپیشل دغه کبنې واچوی او د هغې Repair او کړی۔ جناب سپیکر صاحب، هائر ایجوکیشن وروستو کال، پچھلے سال میں نے جناب منسٹر صاحب سے کالج کی ڈیمانڈ کی تھی، انہوں نے کہا تھا کہ آپ سی ایم صاحب سے بات کریں، ابھی تو ماشاءاللہ Full fledged Minister ہیں آپ اور آپ سوموٹو ایکشن بھی لگا کے ہمیں ان شاءاللہ ایک گرلز ڈگری کالج فراہم کریں، آپ کی مہربانی ہوگی، دس یونین کونسلوں کا میرا حلقہ ہے اور واحد ڈگری کالج وہاں پر ہے۔ جناب سپیکر صاحب، شاید آپ کو یاد ہو، مجھے تو یاد ہے وہ دن، آج سے سات آٹھ مہینے پہلے آپ صوابی یونیورسٹی آئے تھے امبار گاؤں، وہاں پر آپ نے فون پر Advisor for Higher Education سے بات کی تھی اور پھر وہاں پر آپ نے اناؤنسمنٹ کی تھی کہ امبار یونیورسٹی کیلئے تین کلومیٹر روڈ منظور، اے ڈی پی میں نہیں ہے، میں آپ کے توسط سے اور آپ سے رولنگ چاہوں گا کہ جو تین کلومیٹر روڈ، اس دن عمران خان صاحب امبار گاؤں آئے تھے، ہمارے محترم ہیں، تو جس سڑک سے وہ گزر رہے تھے، وہاں پہ ایریگیشن والوں نے اس دن پانی بند کیا تھا ورنہ وہ پانی پھر روڈ پہ آتا، تو میں منسٹر صاحب کو بھی سپیکر صاحب کی وہ Commitment یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اس کو Honour کریں۔ جناب سپیکر، ایگریکلچر سیکٹر میں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: اچھا ہے کہ منسٹر صاحب پھر جواب دے دیں۔

جناب عبدالکریم: ایگریکلچر سیکٹر میں ٹیکسز کی بھرمار ہے۔ یہ واحد سیکٹر ہے جو ہمارے اس ہاؤس کی اکثریت کا جو ہے نا پیٹ پالتا ہے، تو مہربانی ہوگی اگر اس میں کچھ Relaxation ہو جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

جناب عبدالکریم: اور آخر میں سر، ایک بات سر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالکریم: فنانس منسٹر سے سر! مجھے پتہ ہے کہ آپ بڑے کفایت شعار ہیں لیکن جو چیز میں نے نوٹ کی ہے، میں نے فلور پہ یہاں لانی ہے۔ میں نے پراونشل بجٹ دیکھا پنجاب، سندھ اور بلوچستان کا، ان کو تین چار کتابیں مل جاتی ہیں اور بات ختم، یہاں پہ ہمیں جو Books ملتی ہیں تو یا تو میری کم علمی ہے کہ وہ Books ضرورت سے زیادہ ہیں، میری یہ Suggestion ہے کہ آپ اس کے تین چار سیٹ بنائیں، بھلے آپ لائبریری میں رکھیں، فنانس والوں کے ہاں رکھیں، یہ تو اس کیلئے ایک ہتھ گاڑی بھی چاہیے اور ایک Helper بھی چاہیے اٹھانے کیلئے، تو میری یہ Suggestion ہو گی کہ اس کو ہمارے جو قیمتی پیسے ہیں، قیمتی ریونیو ہے، یہ ضائع نہ ہو۔ سپیکر صاحب! بڑی مہربانی، تھینک یو، شکریہ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی، مولانا فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ نحمده ونصلی علیٰ رسوله الکریم امابعد فَاعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! ٹائم کا خیال رکھیں، جمعہ کا دن بھی ہے اور کوشش کرتے ہیں کہ محترم فنانس منسٹر صاحب نے بات بھی کرنی ہے، تھوڑا بریک کریں، میں صرف یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ٹائم کا خیال رکھیں تاکہ جمعہ کی نماز بھی ہے اور فنانس منسٹر نے خطاب بھی کرنا ہے تو ٹائم کو شش کریں کہ۔۔۔۔

مولانا مفتی فضل غفور: إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ أَن تُؤَدُّواْ ٱلۡأَمَـٰنَـٰتِ إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا وَإِذَا حَكَمۡتُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحۡكُمُواْ بِٱلۡعَدۡلِۚ إِنَّ ٱللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِۦٓۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ سَمِيعَۢا بَصِيرٗا صدق الله مولانا العظیم۔ محترم جناب سپیکر! 15-2014 کے بجٹ پر مجھے سپیچ کا موقع دینے پر میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ بجٹ سپیچ سے پہلے جناب سپیکر! میں علامہ اقبال کا ایک تاریخی شعر سنانا چاہتا ہوں اور یہ ہاؤس والے بھی میرے انتظار میں ہیں، ایک بہت بڑی شخصیت جناب سپیکر! علامہ اقبال صاحب گزرے ہیں، ایک دفعہ لاہور کے کسی راستے پہ گزر رہے تھے، ایک حسین لڑکے کو دیکھا، اللہ تبارک وتعالیٰ کی (قہقہے/تالیاں) اس کے چہرے میں

اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت اور خلقت کے عجائب وہ نظر آرہے تھے، جب علامہ اقبال اس کو نہایت حیرانگی سے دیکھ رہے تھے، وہ بولنے لگا ایک شعر کہ:

؎ زندگی میں وہ رنج والم دیکھتے ہیں اپنے سے اونچا جو صنم دیکھتے ہیں

علامہ اقبال مرحوم نے یہ شعر سن کر اس کا جواب کچھ یوں دیا:

؎ نہ تجھ سے غرض نہ تیری صورت سے غرض
ہم تو بس مصور کا قلم دیکھتے ہیں

(تالیاں)

جناب سپیکر! میں علامہ اقبال کے اس شعر میں کچھ Change لانا چاہتا ہوں کیونکہ گورنمنٹ بھی Change کی ہے۔ (قہقہے) آپ کی وساطت سے جناب فنانس منسٹر صاحب سے گزارش ہے کہ جناب سراج الحق صاحب!

نہ تجھ سے غرض اور نہ تیرے بجٹ سے غرض
ہم تو آپ کے انصاف اور اسلام کا قلم دیکھتے ہیں

(قہقہے اور تالیاں)۔۔۔

جناب سپیکر! میں اس تاریخی بجٹ پر نوشہرہ، صوابی اور دیر والوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ ان کی رفاہ کیلئے اور انکی ترقی کیلئے کافی ساری سکیمز دلوائی گئی ہیں اور میں تو جب یہ بجٹ بک اٹھا کے 39 سیکٹرز میں سے جب دیکھتا ہوں، اکثر و بیشتر سکیم کے ساتھ لکھا ہوتا ہے "دیر، نوشہرہ، صوابی" اور آخر میں خیبر پختونخوا، میرے خیال میں یہ خیبر پختونخوا بار بار لکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی اگر ہم اس صوبے کا نام ہی بدل دیں اور کچھ یوں کہیں کہ یہ نوشہرہ صوابی اور دیر خوا صوبہ ہے، پختون کو بھی سائڈ پہ رکھو، (تالیاں) خیبر کو بھی سائڈ پہ رکھو، یہ اس صوبے کے وسائل پر صرف اس تین ضلعوں کا حق زیادہ ہے۔ جناب سپیکر! ہم اپنے حلقوں کا رونا روتے ہیں، فنڈ نہیں دیا جارہا تو ہمیں رونے بھی نہیں دیا جارہا، کل جناب مفتی سید جانان صاحب نے جب بات کی تو جناب سراج الحق صاحب ناراض ہوگئے، میں تاریخ کا ایک واقعہ مختصر سا سنانا چاہتا ہوں، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ امیر المومنین تھے، عام مسلمانوں کو ایک ایک چادر ملی تھی

اور امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دو چادریں انہوںؓ نے اوڑھی ہوئی تھیں۔ایک بدو اعرابی اٹھ کر کہنے لگا کہ اے امیر المومنینؓ! یہ ہمارا خزانہ ہے، آپؓ ہمارے خزانے کے منسٹر ہیں، آپؓ نے اپنے لئے کیوں دو چادریں لی ہیں؟آپؓ نے اس بندے کے اعتراض پہ ناراض اور غصہ ہونے کی بجائے اپنے بیٹے کی طرف اشارہ کرنے لگے کہ بیٹے! جواب دے دو۔ بیٹے نے کہا کہ یہ ایک چادر میری ہے اور یہ دوسری چادر میرے والد صاحب کی ہے اور میں نے اپنے حصے کی چادر اپنے والد صاحب کو دے دی ہے، لہذا آپؓ نے کسی کی حق تلفی نہیں کی ہے بلکہ آپؓ نے اس خزانے کی تقسیم انصاف سے کی ہے اور پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ جناب سپیکر! کہنے لگے کہ جو کوئی بھی مجھ میں ناانصافی دیکھے گا اور میری اصلاح فرمائے گا، میں اس کا شکر گزار رہوں گا۔ ایک اعرابی اٹھ کر کہنے لگے "واللّٰہ لورایت فیک اعوجاجاً لاسددعنقک بھذ السیف" اللہ کی ذات کی قسم اگر ہم نے آپؓ کے فیصلوں میں کوئی ٹیڑھا پن دیکھا اور اگر ہم نے کوئی ناانصافی دیکھی تو ہم آپؓ کی گردن کو اس تلوار سے سیدھا کرینگے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا شکریہ ادا کیا۔ میں جناب سراج الحق صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ بھی ہمارے فنانس منسٹر ہیں، اگر کوئی یہاں پر اٹھ کر اپنے حلقے کیلئے بات کرتا ہے تو آپ کو ان کا شکر گزار، آپ کو ان کا شکر گزار رہنا چاہیئے، ان کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ جناب سپیکر، اس بجٹ پہ میں کیا کہوں گا؟ مشتاق غنی صاحب نے کل کہا کہ پورے صوبے میں گلیوں کوچوں میں اس پر بحث ہو رہی ہے، میں پورے صوبے کی گلی کوچوں میں جو خبر گھوم پھری ہے پرسوں، میں اس کا حوالہ دیتا ہوں۔ جناب سپیکر، ایک کارٹون بنایا گیا ہے، اس میں ایک گدھا گاڑی ہے اور اس پر گندم کے کچھ Bags رکھے گئے ہیں اور اس کے اوپر ایک زمیندار بیٹھا ہے، راستے سے گزر رہا ہے۔ راستے میں ایک Barrier لگا ہوا ہے، آج کل تو Barrier کی بہت زیادہ ڈیمانڈ بھی ہے اور مسئلہ بھی چل رہا ہے، پولیس وہاں پر کھڑی ہے، پولیس اشارہ کرتی ہے گدھا گاڑی والے کو کہ رک جاؤ، وہ کہتا ہے کیا مسئلہ ہے؟ تو وہ کہتا ہے کہ آپ نے تو زرعی ٹیکس دینا ہے، کیا آپ کے اس گدھے کو پتہ نہیں کہ یہاں پر پی ٹی آئی کی گورنمنٹ ہے اور انہوں نے ایک نئی اے ڈی پی لائی ہے (تالیاں) اور اس اے ڈی پی میں زرعی ٹیکس بھی ہے۔ جناب سپیکر، یہ میں جناب مشتاق غنی صاحب کو دکھانا چاہتا ہوں کہ صوبہ بھر کی گلی کوچوں میں اس پر کیا بحث ہو رہی ہے؟ جناب سپیکر! ایک چیز میں واضح کرنا چاہتا ہوں،

جناب فنانس منسٹر سراج الحق صاحب نے اپنے بجٹ سپیچ میں کہا کہ اس بجٹ کے تین حصے ہیں، ایک ویلفیئر، دوسرا ڈیویلپمنٹل اور تیسرا انتظامی، جناب سپیکر! انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ جو ویلفیئر بجٹ ہے، اس میں ہم نے پچھلے سال کی نسبت بہت زیادہ اضافہ کیا ہے، میں اعداد و شمار کی درستگی کرنا چاہتا ہوں، ویسے بھی جناب سکندر خان شیرپاؤ صاحب نے بہت خوب آپریشن کیا ہے، سرجری کی ہے اس بجٹ کی کہ یہ متوازن بجٹ ہے، فاضل بجٹ ہے یا خسارہ بجٹ ہے؟ لیکن میں صرف اعداد و شمار کی درستگی کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر! 14-2013 کیلئے جو ویلفیئر بجٹ رکھا گیا تھا ایک لاکھ 86 ہزار 968 ملین جو اس وقت کی اے ڈی پی کا 54.35% بنتا تھا اور 15-2014 کیلئے جو ویلفیئر بجٹ رکھا گیا ہے، وہ دو لاکھ 19 ہزار 694 ملین روپے ہے جو کہ 54.27% ہے۔ پچھلے سال ویلفیئر بجٹ کا جو حصہ بنتا تھا، وہ اس کی نسبت جناب سپیکر! کچھ کم و بیش 7% یہ اس ویلفیئر بجٹ میں کمی آئی ہے، پچھلے سال کی بہ نسبت اس میں کوئی اضافہ وغیرہ یہ نہیں ہوا ہے۔ جناب سپیکر! میں اس بجٹ پر عمومی کیا بحث کروں گا، انصاف کی میں کیا بات کروں گا، کل بہت ساری باتیں اور پرسوں بہت ساری باتیں ہوئی ہیں۔ جناب سپیکر! اس صوبے کے باسیوں کی اس دن شامت آئی ہے جس دن اس صوبے کے گرمی سے ترستے ہوئے لوگوں اور پیاسوں کی پیاس بجھانے کا اختیار جناب شاہ فرمان صاحب کو دیا گیا ہے۔ جناب سپیکر، یہ تو بڑی واضح بات ہے میرے خیال میں، اگر آج کے بعد بھی کوئی منسٹر صاحب اٹھ کے کہتا ہے کہ جی ہم نے اس طرح کا انصاف اور انصاف کا نظام قائم کیا ہے، ایک نسبت چالیس کا فنڈ مجھے کے پی کے کی پوری تاریخ میں اگر کوئی دکھائے کہ کسی اپوزیشن ممبر کو ایک اور کسی ٹریژری بینچز والے کو چالیس گنا اضافے کے ساتھ فنڈ دیا گیا ہو، مجھے یہ کوئی تاریخ میں نہیں دکھا سکتا، جناب سپیکر! دگنا کیا گیا ہے، سہ گنا، چار گنا، پانچ گنا، دس گنا، چالیس گنا اضافے کے ساتھ بجٹ میں میں کیا کہوں گا، اس صوبے کے بجٹ کے حوالے سے؟ جناب سپیکر، یہاں کے غریبوں کی تو اس دن شامت آئی ہے، ان غریبوں کی جن کا تعلق جماعت اسلامی کے ساتھ نہیں ہے۔ جس دن عشر وزکواۃ کی منسٹری ہمارے جناب صاحب کو سونپی گئی کہ وہ جب غریبوں کی لسٹیں بناتا ہے تو دیکھتا ہے کہ اس کے گھر پر ایک خاص جھنڈا لگا ہوا ہے کہ نہیں؟ میں نے خود ایک بندے کو جو نہایت ہی غریب ہے، اپنے D.O letter کے ساتھ ایک لوکل زکواۃ چیئرمین کے پاس بھیجا، اس نے خط پھاڑ کر اس کے منہ پر پھینک دیا اور کہا کہ مولانا کو کہو کہ اپنی جیب سے پیسے دے

دیں، یہ آپ کے پیسے نہیں ہیں۔جناب سپیکر! یہ ہم کیا کہیں گے اس بجٹ کے حوالے سے؟ اور جناب سپیکر! میں ان شاءاللہ وہ اعداد و شمار کے حوالے سے اسمبلی کو تسکین لاؤں گا اس فلور پر کہ پچھلے سال جن مدارس کو پیسے دیے گئے ہیں زکوۃ اور عشر کے، وہ مدارس کن کے مدارس ہیں، آیا Need basis پہ دیئے گئے ہیں یا ایک ہی پارٹی سے تعلق اور Relation رکھنے والے مدارس ان کو دیئے گئے ہیں؟ ان شاءاللہ میں Prove کرکے، ثابت کرکے دکھاؤں گا ان شاءاللہ اس فلور آف دی ہاؤس پر۔ جناب سپیکر! مریضوں کی تو اس دن شامت آئی ہے جس دن ہسپتال، ہسپتال نہیں پورے محکمہ صحت میں ایمرجنسی لگائی گئی اور آج تک وہ محکمہ ہوا میں گھوم پھر رہا تھا، الحمدللہ آج تھوڑا سا Take over کر دیا تو یہ منسٹر صاحب آج انتہائی، وہ ہمارا Energetic منسٹر صاحب ہے، تو جو بجٹ ہم دیکھتے ہیں صحت کیلئے، جناب سپیکر! میں صرف ایک مثال دینا چاہتا ہوں، صوبہ بھر کے Emergency cover کیلئے ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں، جناب سپیکر! پچھلے سال 2014 میں جو Patients record کئے گئے، جو Out door patients ہیں، ان کی تعداد ہے 24512323 Patients، اگر ہم ان دو ارب روپوں کو، ایک ارب روپوں کو ان پر Distribute کرینگے Emergency cover کیلئے، ان کے Per head صرف چالیس روپے آجاتے ہیں۔جناب سپیکر! چالیس روپے میں کسی مریض کیلئے آپ کیا کچھ دے سکتے ہیں؟ صرف انجکشن، آئیوڈین، پائیوڈین، مرہم پٹی وغیرہ اور اس کے علاوہ جو چیزیں ہیں، وہ پھر میڈیکل سٹور جائے گا اور وہاں پر جو ہے نا جناب سپیکر! اس کا جو حشر ہوگا، وہ آپ کو معلوم ہے۔ جناب سپیکر! ہماری کل آبادی کیلئے جو کل صحت کا بجٹ رکھا گیا ہے، میں نے اس کو Per head distribute کیا ہے، یومیہ ایک بندے کیلئے جو بجٹ محکمہ صحت میں رکھا گیا ہے جناب سپیکر، وہ ہے صرف اور صرف تین روپے، کیا خاک یہاں پر صحت کا انصاف ملے گا؟ جناب سپیکر! تین روپے جی، تین روپے جو بجٹ پورے محکمہ صحت کیلئے جس میں سیلری والا بھی شامل ہے۔جناب سپیکر، یہ کہ اسمیں میں کیا کچھ کہوں گا؟

جناب سپیکر: مختصر، وائنڈاپ کریں، وائنڈاپ کریں مولانا صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر! کچھ اچھی چیزیں بھی ہیں، میں ان کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں جناب سپیکر! کیونکہ حکومت کے اچھے اقدامات کو Appreciate کرنا چاہیئے۔جناب سپیکر! یہاں پر بیواؤں اور

خصوصی افراد کیلئے 50 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں، میں Appreciate کرتاہوں۔ جناب سپیکر، خود کفالت سکیم میں دو ارب 70 کروڑ روپے کے بلاسود قرضے رکھے گئے ہیں، میں Appreciate کرتاہوں جناب سپیکر! لیکن مجھے یہ بات سمجھ میں نہیں آرہی کہ 12 مئی، یہ ابھی جو مہینہ گزرا ہے، 12 مئی کو یہاں پر تو اے ڈی پی میں بلاسود قرضے دیئے جارہے ہیں لیکن اسمبلی فلور پر جو بل لایا گیا تھا Prohibition of usurious loans جناب سپیکر! اس بل کے دو حصے ہیں، ایک حصہ ہے Prohibition of usurious loans، دوسرا ہے Protection of all genuine private commercial transaction involving reasonable rates of return، مطلب مناسب شرح سود کی حفاظت جناب سپیکر! مجھے یہ بات سمجھ میں نہیں آرہی کہ اس قانونی مسودے پر دستخط ہیں جناب منسٹر انچارج جناب سراج الحق صاحب کے، یہ جو Reasonable rates of return ہے، ہم اس کی Protection کیلئے بل لارہے ہیں، مناسب شرح سود کیلئے ہم بل لا رہے ہیں۔ جناب سپیکر! 2007 میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے اوپر مولانا صاحب! بات ہوگی اور اس میں میرے خیال میں حکومت نے کوئی امنڈمنٹ بھی وہ کی ہے، آپ بجٹ پہ اپنی بات کریں تو مہربانی ہوگی۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر! یہ تو اس کا حصہ ہے کیونکہ اب بلاسودی قرضوں کی بات ہورہی ہے تو میں اس کے ساتھ تھوڑا سا اس کا بھی ذکر کرونگا۔ جناب سپیکر! سود مناسب ہو یا غیر مناسب ہو، سود سود ہوا کرتا ہے۔ اگر یہ بات اسلم رئیسانی صاحب سے بھی پوچھی جائے تو وہ کہے گا کہ سود سود ہوتا ہے چاہے ظالمانہ ہو یا چاہے مناسب ہو، مناسب شرح سود کی حفاظت، مناسب شرح سود کی حفاظت یہ اتنا ظلم ہے جتنا کہ ظالمانہ شرح سود کی حفاظت ظلم ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر! میں ایک بات کرتاہوں، جناب نبی کریم ﷺ نے اسی مناسب شرح سود کے بارے میں فرمایا ہے کم سے کم سود کے بارے میں فرمایا ہے " درهم ربا يأكله الرجل و هو يعلم أشد من ستة و ثلاثين زنية" (ترجمہ) ایک طرف اگر کوئی بندہ چھتیس دفعہ زنا کرتا ہے، بدکاری کرتا ہے اور

دوسری طرف کم سے کم مناسب شرح سود ایک درہم بھی کوئی کھا جاتا ہے، اللہ رب العالمین کو چھتیس دفعہ زنا سے یہ کم سے کم مناسب شرح سود کھانا یہ زیادہ ناپسند اور ناگوار ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آرہی جناب سپیکر! اس بل پر اور کم از کم میں یہ بات تسلیم کرنے کو تیار ہی نہیں کہ یہ دستخط جناب سراج الحق صاحب کے ہونگے، شاید کہ کوئی عجلت میں لئے گئے ہوں، اس نے کوئی پڑھا ہی نہ ہو، جناب سپیکر! یہ بہت ظلم ہے اور یہ قانون سے بھی بغاوت ہے۔ According to the Constitution of Pakistan, 1973, the legislation against Quran and Sunnah is prohibited here، جناب سپیکر! یہ ممنوع ہے، یہاں پر قرآن وسنت کے خلاف قانون سازی نہیں ہوسکتی اور ان شاءاللہ ہم اس کے خلاف ڈٹے رہیں گے اور ہم اس کو ان شاءاللہ اٹھائیں گے۔ جناب سپیکر! اب میں اپنے بونیر کی کچھ بات کررہا ہوں، میں اے ڈی پی بک کو اٹھا کے سیکٹر وائز کچھ کہتا ہوں۔ جناب سپیکر! ایگریکلچر کا جو سیکٹر ہے، اس میں پورے ضلع کیلئے کوئی ایک سکیم نہیں ڈلوائی گئی ہے۔ جناب سپیکر! Auqaf, Hajj, Religious And Minority Affairs کیلئے کوئی Specific scheme نہیں ہے، بلڈنگ میں نہیں ہے، جناب سپیکر! ڈسٹرکٹ اے ڈی پی میں نہیں ہے، جناب سپیکر! Drinking water and sanitation میں نہیں ہے، جناب سپیکر! ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں نہیں ہے، جناب سپیکر! انرجی اینڈ پاور میں نہیں ہے، جناب سپیکر! انوائرونمنٹ میں نہیں ہے، جناب سپیکر! فنانس میں نہیں ہے، فوڈ میں نہیں ہے، فارسٹری میں نہیں ہے، ہیلتھ میں نہیں ہے، ہائرایجوکیشن میں نہیں ہے، ہوم میں نہیں ہے، ہاؤسنگ میں نہیں ہے، جناب سپیکر! یہ سب زیرو زیرو ہے، انڈسٹریز میں نہیں ہے۔ (تالیاں) جناب سپیکر! میں حیران ہوں، پچھلی اے ڈی پی میں ماربل سٹی کے نام سے ایک منصوبہ ڈلوایا گیا تھا بونیر کیلئے، میں تو گلہ کرتا ہوں، آپ سے نہیں، میں اپنے منسٹر صاحب جناب حبیب الرحمن صاحب سے اور جناب سردار سورن سنگھ صاحب سے گلہ کرتا ہوں کہ اس اے ڈی پی پر دستخط کرتے وقت کیا اس کو یہ بات نظر نہیں آئی کہ آخر ہم بھی تو ایک ضلع کی Representation کرتے ہیں اور ان لوگوں کے کچھ حقوق بھی ہیں، یہ صرف دو تین اضلاع کی بات نہیں ہے جناب سپیکر! پورے 39 سیکٹرز میں سے صرف تین سیکٹرز میں بونیر کیلئے کچھ سکیم ڈلوائی گئی ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! شکریہ، شکریہ مولانا صاحب، شکریہ۔

مولانا مفتی فضل غفور: یہ جناب سپیکر صاحب! میں بونیر کی ایک بات کرتا ہوں، بس ایک آخری بات کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی جی، بس وائنڈاپ کریں جی، وائنڈاپ کریں۔

مولانا مفتی فضل غفور: بس ٹھیک، ٹھیک ہے، میں کرتا ہوں جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! بونیر میں جو کچھ گزرا ہے، جناب سپیکر! بونیر میں جو کچھ گزرا ہے اور یہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کے نام پر جو ہمارے لوگ Suffer ہوئے ہیں جناب سپیکر! میری ایک گزارش ہے، فنانس منسٹر صاحب سے میری ایک گزارش ہے، فنانس منسٹر صاحب کی میں توجہ چاہتا ہوں جناب سپیکر! کہ 27ارب ہمارے صوبے کو مل رہے ہیں دہشتگردی کے خلاف جنگ کے نام پر، جناب سپیکر! دہشتگردی کے خلاف جنگ، یہ جہاں پہ لڑی جارہی ہے جناب سپیکر! بونیر کے لوگ جتنے Suffer ہوئے ہیں اور میں پچھلی گورنمنٹس کی بات نہیں کررہا، میں اس گورنمنٹ کی بات کررہا ہوں جہاں پر جماعت اسلامی اور پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ہے کہ انہوں نے ابھی پچھلے دنوں آپریشن کے دوران 12دنوں تک جو وہاں پر مسلسل کرفیو کے ذریعے لوگوں کو Suffer کیا، میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں جناب سپیکر! کم از کم 27ارب میں نہیں چاہتا لیکن 27ارب میں سے دوارب کا پیکیج بونیر کے اس علاقے کیلئے رکھا جائے جہاں پر وہ علاقہ Approachable نہ ہونے کی وجہ سے اور Develop نہ ہونے کی وجہ سے وہاں پر ہمارے امن کیلئے مسائل پیدا ہو رہے ہیں، ایلم کا جو پہاڑی سلسلہ ہے، اس کو Develop کیا جائے، روڈز ہوں، وہاں پر کوئی پی ٹی ڈی سی ہوٹل ہو، وہاں پر کوئی پولو گراؤنڈ ہو، وہاں پر کوئی جوگیانوسرپہ سکھوں کا ایک تاریخی گردوارا ایک بنانا چاہیئے سپیکر صاحب! میری کچھ تجاویز ہیں۔ ڈیبیٹ تو بہت تھی لیکن شکریہ، جناب سپیکر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ جی، شکریہ۔ حبیب الرحمان صاحب، حبیب الرحمان صاحب، حبیب الرحمان صاحب، بات کریں۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکوۃ، عشر، حج واوقاف): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ میں بجٹ پر بات نہیں کرونگا لیکن Personal explanation پہ جو ہمارے بھائی نے، مفتی غفور صاحب نے عشر وز کواۃ کے حوالے سے جو بات کی تو میری سیاست اس بات پہ گواہ ہے کہ میں نے کبھی بھی، یہ میں یعنی ایک قسم کی گالی سمجھتا ہوں کہ میں کسی کو کہوں کہ آپ جماعت اسلامی کا جھنڈا لگائیں تو آپ کیلئے کام کرونگا، میں نے اپنے حلقے میں بھی اور اپنے ضلع میں بھی اربوں روپے کی سکیم پچھلی گورنمنٹ میں کی ہیں، یہ تاریخ گواہ ہے، لوگ کہیں گے کہ Aggressive ہوں لیکن میرے عقیدے کے مطابق، میرے اعمال کے مطابق کسی کو بھی کوئی شک نہیں ہے، اگر کہیں بھی یہ ثابت ہوا کہ یہ جماعت اسلامی کے لوگوں کے علاوہ کسی اور کو زکواۃ نہیں دیتے تو میں استعفیٰ دے دونگا (تالیاں) یہ بالکل ہمیشہ کیلئے، میں غیر پارلیمانی الفاظ استعمال کرلونگا کہ یہ اس فلور پہ ہمیشہ کیلئے جھوٹ بولنے کی کوشش کرتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ضلع بونیر میں بالکل اس کے ساتھ میں اتفاق کرتا ہوں کہ پچھلے سال 2013 میں میں نے کوشش کی تھی اور بونیر کیلئے بہت بڑے بڑے پراجیکٹس میں نے ڈلوائے تھے لیکن عشروز کواۃ میں پھنسا ہوا ہوں اور اس کا جو میں نے بیس یعنی میں نے نہیں لیے ہیں، میں نے آپ کو وضاحت اپنے اپوزیشن کے بھائیوں کے ساتھ کی ہے کہ As a Minister میرے پاس یہ معمولی سا اختیار بھی نہیں ہے، یعنی عشروز کواۃ کے منسٹر کے پاس کوئی بھی قانونی اختیار نہیں ہے، آپ اس قانون کو اٹھاکے دیکھیں لیکن یہ ہوا ہے کہ مجھے سزا دی گئی ہے، میں اس کے ساتھ بالکل Agree ہوں کہ بونیر کی 2013-14 کی سکیمز ختم کی گئی ہیں اور میں کسی سے بھی، (تالیاں) میں آن دی فلور آف دی ہاؤس یہ کہونگا کہ میں ایک اصولی بات کرتا ہوں کہ بجٹ کا طریقہ یہ ہے نہیں کہ کوئی چیف منسٹر کے ہاؤس کی یاترا کرے یا وہاں کا طواف کرلے، اس کو سکیم مل جائے۔ (تالیاں) میں اصولی بات کرتا ہوں، یہاں پہ یعنی آپ سارے لوگ سراج الحق کے متعلق کہتے ہیں، یعنی بجٹ میں یہ پی اینڈ ڈی کا کام ہے سکیمیں ڈلوانا، سکیمیں دینا، اس میں فنانس کا کوئی بھی کام نہیں ہوتا، وہ صرف اس کیلئے پیسے اس حساب سے دیتے ہیں۔ ہمارے جتنے بھی ساتھیوں نے تقاریر کی ہیں، اپنی ذاتی کی ہیں، اصولی بات کسی نے سوائے سکندر شیر پاؤ کے، تو اس نے Authentic اور Technically بجٹ کے حوالے سے اس نے اچھی طرح نمائندگی ہے، (تالیاں) باقی جتنے لوگ، میرا خیال یہ ہے کہ یہ

طریقہ تب ختم ہوگا، یہ Discrimination تب ختم ہوگی جب ایک اصول کی بنیاد پر پی اینڈ ڈی والے سکیمیں ڈالیں گے، (تالیاں) یہ محاصل یعنی بجٹ محاصل اور Expenditure کا توازن ہے اور اس میں حکومت کے وژن کے مطابق، یعنی ہمارا وژن ہے انصاف، ہمارا وژن ہے امن وامان کا قیام، ہمارا وژن ہے کرپشن کا خاتمہ، تو ہماری اے ڈی پی میں۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب! میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: پلیز جی، نه ته کښېنه مفتی صاحب! کښېنه مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: نه جی، زه یوه خبره کوم، یوه خبره کوم۔

(وزیر زکوۃ، عشر، حج واوقاف): : مولانا صاحب! میں نے آپ کے درمیان، مجھے بات کرنے دیں سپیکر صاحب! مجھے بات کرنے دیں، اس کو بٹھائیں۔

(شور)

جناب سپیکر: مفتی صاحب! دا سې نه مفتی صاحب۔ آپ بات کرلیں، اپنی بات کرلیں۔۔۔۔

(شور)

(وزیر زکوۃ، عشر، حج واوقاف): بجٹ کا اصول یہ ہے کہ حکومت، ہم اپنے وژن، ترجیحات اور اہداف کے مطابق پی اینڈ ڈی کو ٹاسک دیتے ہیں کہ یہ ہمارا وژن ہے، اس کے مطابق، مثلاً ہم کہتے ہیں کہ ہم ہر پانچ سو آبادیوں کیلئے ایک پرائمری سکول دینگے، (تالیاں) ہر ایک یونین کونسل میں گرلز ہائر سیکنڈری سکول ہوگا، وہاں آر ایچ سی ہوگا، تو یہ کام پی اینڈ ڈی کا ہے، یہ نہیں ہے کہ ہم جائیں اور وزیراعلیٰ کو سلوٹ کرلیں کہ مجھے ایک پرائمری سکول دے دیں، مجھے ایک کلومیٹر سڑک دے دیں (تالیاں) یعنی پی اینڈ ڈی کا کام یہی ہے، پی اینڈ کا کام یہی ہے کہ وہ ایک اصولی بنیاد پر حکومت کے وژن کے مطابق یہ فیصلہ کرلے کہ خواہ وہ بونیر ہو، خواہ وہ ڈی آئی خان ہو، کہاں پرائمری سکولوں کی تعداد کم ہے آبادی کے لحاظ سے، کہاں مڈل سکول کی تعداد کم ہے، کہاں سڑکیں کتنی ہیں، پکی سڑکیں کتنی ہیں یا Strict بنیاد پر سڑکیں پختہ کرنی چاہئیں؟ وہاں پر سنگل روڈ بنانے چاہیئے، وہاں پر ڈگری کالجز بنانے چاہئیں، یہاں ہم نے یہ کام چھوڑ دیا ہے، جتنے بھی

ہمارے اپوزیشن کے بھائی تھے، کل سترہ آدمیوں نے تقریریں کی ہیں اور ہر ایک نے کہا کہ میرے حلقے میں پرائمری سکول نہیں ہے، میرے لئے ایک کلومیٹر سڑک کی منظوری دی جائے، یہ اصولی بات نہیں ہے۔ (تالیاں) میں کہتا ہوں، اگر یہ ساری اے ڈی پی سی ایم کے ڈائریکٹیوز پہ چلتی ہے تو پھر پی اینڈ ڈی کو چھٹی کرنی چاہیئے، (تالیاں) پی اینڈ ڈی کی ضرورت کیا ہے؟ پی اینڈ ڈی میں تین چار کلرک بٹھائیں اور وہاں ایک ڈاکیے کی حیثیت سے سی ایم سے ڈائریکٹیوز آئیں گی اور وہ ڈالیں گے۔۔۔۔

جناب سپیکر: جناب شہرام خان! اس کے بعد تمہارا۔۔۔۔

(وزیر زکوۃ، عشر، حج واوقاف): جب تک سٹیٹسٹیکل بنیاد پر، Criteria پر (شور) یعنی یہ تین سال اگر یہ طریقہ چل گیا کہ Statistical data کے مطابق اگر سکیمیں ڈالی گئیں، اس میں یہ نہیں ہوگا، ہاں یعنی پاکستان میں کوئی بھی 100% انصاف نہیں چاہتا، اگرچہ 100% انصاف چاہیئے، (تالیاں) یہ ہمارے جو ممبرز ہیں، کوئی بھی نہیں چاہے گا کہ اسد قیصر کے حلقے کی طرح میری سکیم بھی ہو، میں یہ نہیں مانتا، کوئی بھی یہ نہیں مانتا کہ اسی کے حلقے کے برابر میری سکیمیں ہوں کیونکہ وہ ہمارے بڑے ہیں لیکن تین سال متواتر اگر سٹیٹسٹیکل بنیادوں پر اے ڈی پی نہ بن جائے تو یہ امتیاز کا، یہ Discrimination کا طریقہ جاری رہے گا (تالیاں) اور آج اس کی حکومت ہے، کل شیر پاؤ کی ہوگی، کل سردار حسین کی ہوگی لیکن یہ ختم نہیں ہوگا۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: شہرام خان، شہرام خان، شہرام خان۔

(شور)

جناب شہرام خان (وزیر صحت): مهربانی سپیکر صاحب۔ زه صرف د یو خبرې Clarity کوم، مولانا صاحب لږ اوروانې هم کوی۔ بجټ هیلتھ والا چې کوم دے جی، د ایمرجنسی چې دوئ کومه خبره اوکړه It`s for the whole of province Accident and emergency چې کوم سروسز دی، هغه د هر سړی د پاره emergency هغه فری دی اوس که هغه پیسې تاسو Divide کوئ په دوه کروړه عوامو باندې، الله د نکړی چې په One go کښې دوه کروړه عوام ټول ایمرجنسی

ته لاړ شی نو هغه ټول مطلب په داسې طریقې سره دی۔ بله خبره دا ده ښه Sufficient budget دے جی، (تالیاں) داسے نه دی چې Calculation کوی مولانا صاحب، وائی چې درې روپئ به وی، مطلب دا زیاتے دے، داسې نه دی وئیل پکار، یو۔ دویمه خبره دا ده چې بونیر پرون مونږ مرلن سره MoU sign کړله او هغوی ته فنډنګ به شروع شی، ان شاءالله د دوئ چې څومره هاسپټلز دی، هغې کښې داسې پروګرام دے چې تر ډی ایچ کیو لیول پورې چې څومره د دوئ ډاکټرز دی، پیرا میډکس دی، سټاف دے، هغه به ټول Well equipped شی، ان شاءالله دغه کتا ب ته دغه نشته جی، پرون مونږ Sign کړې ده او څه مسئله به نه راځی، ان شاءالله ټول ډاکټرز، ټول سټاف، ټول پیرا میډکس، ټول به په بونیر کښې Overall چې څومره بونیر ته ځی، هغې د پاره دغه وی ان شاءالله۔

جناب سپیکر: سمیع اللہ علیزئی! اس کے بعد، سمیع اللہ۔ سردار حسین صاحب! ته تقریر کوې خو دا سمیع الله علیزئی چې دے نو ډیر دغه کوی، اچھا خو۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ زه خو خدائے شته جی ډیره زیاته شکریه ادا کوم او په دې نه یم خوشحاله ګنی چې مونږ دا مخصوص کړه ګنی چې حبیب الرحمان خان د حکومت خلاف خبره اوکړه، زه ئے Appreciate کوم چې یو حق پرسته او اصولی خبره ئے اوکړه او زه ورسره اتفاق کوم او پکار دا دے چې دا دې صوبه کښې مونږ ګڼړو دا چې تقریباً څلور ریجنز دی، ملاکنډ ډویژن دے، هزاره ډویژن دے، پیښور ویلی ده او بیا جنوبی اضلاع دی۔ پیښور ویلی کښې دا ټول راغلل، دا چې تاسو ورته کوم ذکر کوئ، څلور سیکټرز او څلور زونز دی۔ سپیکر صاحب! زما به تاسو ته هم دا خواست وی او دې ټول هاؤس ته به زما دا خواست وی، زه دا نه وایم، دې ټولو حکومتونو دغسې پریکټس کړے دے چې د کومې ذکر حبیب الرحمان خان اوکړو، دا پریکټس چې دے، دا بندول غواړی او د دې د پاره اصولی قانون سازی پکار ده چې د قانون څومره وسائل چې د دې صوبې دی چې د هغې وسائلوتقسیم بالکل مساوی اوشی او د ضرورت په بنیاد اوشی نو زما یقین دا دے چې دا شکایت به نه وی۔ نو ډیره شکریه اداکوم خو یوه ټپه ورته ضرور وایم، هغه په پښتو کښې وائی، وئیل

مونږخو دي له راغلي وو چې مونږ وئيل چې مونږ به ورته ژاړو، هغه يو ټپه ده چې وائي:

ے ما وئيل چې زه به ورته ژاړم
او لالي د کوره سترګې سرے راوړی دينه

(تالیاں)

نو د دې ټپې په وجه ئے شکريه ادا کوم او د دې د پاره اصولی قانون سازی پکار ده چې مونږ دلته دغه قانون سازی اوکړو۔ مهربانی۔

جناب سپیکر : سمیع اللہ علیزئی صاحب۔

جناب سمیع اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر! تین چار دن بڑی بحث ہوئی، بجٹ کے اوپر دونوں اطراف سے، کسی نے تنقید کی، گورنمنٹ نے اچھائی بیان کی سر، میرا ایک جو بڑا اہم مسئلہ ہے بجٹ کے حوالے سے بھی اور مطلب ہمارے پورے صوبے کے حوالے سے ہے، واٹر کے اوپر میں بات کرنا چاہتا ہوں کیونکہ یہ جو پوراMillennium ہے، یہ پانی کا ہے اور ہم جو ہمارا صوبہ ہے جو کہ ہندوکش اور قراقرم کے دامن میں ہے اور جہاں سے پانی سارا گزر کے آتا ہے اور ہمیں اس سے محروم رکھا گیا ہے۔ سر، 1991 کے Accord کے اندر فیڈرل گورنمنٹ نے کہا کہ ہم صوبوں کو انفراسٹرکچر بنا کے دیں گے، اب اگر آپ چشمہ بیراج کے اوپر جاتے ہیں تو ایک طرف جہلم لنک کینال جو ہے 22ہزار کیوسک کی ہے اور ہمارا صوبہ جو ہے، یہ جو چشمہ رائٹ بینک کینال بنائی گئی ہے، صرف 4ہزار کیوسک کی سر، ابھی ہمارے پاس زمین بھی ہے، پانی بھی ہے، انفراسٹرکچر نہیں ہے، تو میری اس ایوان سے بھی، پراونشل گورنمنٹ، فیڈرل گورنمنٹ سے بھی یہ درخواست ہے کہ یہ جو لفٹ کینال ہے جو کہ ہمارے دل کی دھڑکن ہے اور جس سے تقریباً دو لاکھ 80ہزار ایکڑ آپ کا (رقبہ) آباد ہو جائے گا۔ اس ٹائم بھی ہمارا جو صوبہ ہے، وہ گندم کی پیداوار میں تیسرے نمبر پر ہے اور جب ہم اپنا ٹارگٹ Achieve نہیں کر سکتے، گندم لینے کیلئے یا کھانے کیلئے جس طرح سرائیکی کی ایک مثال ہے کہ "جیندے گھر دے دانڑے، اندے کملے بھی سیانڑے" تو سر! روٹی جس کے پاس نہیں ہوگی، آگے ہم کیا سوچیں گے؟ اور جو ایگریکلچر سیکٹر ہے آپ کا، یہ وہ واحد سیکٹر ہے کہ جس کے اندر سب سے زیادہ Employment ہے اور Employment ہوگی تو معاشی آزادی

آئیگی۔ جس طرح اس دن ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ اصلی آزادی معاشی آزادی ہے سر، میری یہ ریکویسٹ ہے کہ 35 سال سے جو ہمارے ساتھ 91ء کے Accord کے بعد زیادتی ہو رہی ہے کہ پنجاب، سندھ یا Pat Feeder Canal جو بلوچستان کو جارہی ہے اور پانی ہمارے صوبے سے ہو کے جارہا ہے، اس کیلئے مہربانی کی جائے، اس بجٹ کے اندر بھی اور فیڈرل گورنمنٹ کو میں ان کا یہ وعدہ یاد دلاتا ہوں کہ مہربانی کر کے اس دفعہ بھی تینوں پراونسز کے ECNEC کے اندر بڑے منصوبے رکھے گئے ہیں، صرف ہمارا جو صوبہ ہے، اس کا کوئی منصوبہ نہیں رکھا گیا، حتیٰ کہ پچھلی گورنمنٹ میں بھی یہ ایگریمنٹ ہوا تھا کہ ہم جو چشمہ لفٹ کینال ہے، اس کے اندر ہم رکھیں گے جناب والا! کیونکہ ایک طرف سے گومل زام ڈیم آجاتا ہے، دوسری طرف سے چشمہ رائٹ بینک کینال آجاتی ہے اور بیچ کے اندر ایک تین، ساڑھے تین لاکھ ایکڑ کی پٹی ہے جس کے کوئی وسائل نہیں ہیں۔ میں آپ کو ایک Green revolution کی بات بتاؤں کہ چشمہ رائٹ بینک کینال کے آنے کے ساتھ جو کہ دو لاکھ، سوا دو لاکھ ایکڑ ہمارا آباد ہوا ہے تو اس کے اندر تقریباً ہم بارہ بارہ ہزار ٹن کی تین شوگر ملیں ہیں، ایک آٹھ ہزار ٹن کی شوگر مل ہے اور پشاور ویلی، سوات ویلی یا مردان ویلی، ان تینوں ویلیز میں جو ہماری گنے کی پیداوار ہے، وہ صرف تین کروڑ من ہے اور واحد ڈیرہ اسماعیل خان کے اندر 21 کروڑ من گنا ہوتا ہے تو سر! ساڑھے پندرہ ارب روپے کی سرکولیشن ہوتی ہے تو میری یہ درخواست ہے کہ اگر ہمارے سسٹم کے اوپر یا گومل زام کی Extension ہی ہو جائے، اس کے اندر بھی جو آج ہمارے پاس جو گندم ہے، جب ہم اپنا ٹارگٹ پورا نہیں کریں گے تو آج ہم 32 سو روپے پہ گندم لے رہے ہیں اور تین مہینے یا چار مہینوں کے بعد جو مٹی والی گندم ہمیں پنجاب دے گا، وہ Forty seven hundred روپے پر دے گا، صرف چار مہینوں میں چھ ارب روپے کا نقصان، تو سر! Kindly اس چیز پہ پراونشل گورنمنٹ بھی اور ساتھ ساتھ میں فیڈرل گورنمنٹ سے بھی یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ مہربانی کر کے لفٹ کینال جو کہ ایک بہت Serious issue ہے اور صرف اور صرف جو آپ پانی Utilize کر سکتے ہیں اپنے حصے کا، وہ ساؤتھ ہی میں کر سکتے ہیں اور اس کے علاوہ نہیں تو گومل زام ڈیم جہاں سے جس کی Main Canal شروع ہوتی ہے، وہ انہوں نے 37 سو کیوسک کے اوپر رکھی ہے اور Basically اس پر بھی دو ہزار کیوسک کا مطلب پانی جارہا ہے تو اس میں بھی Extension ہو سکتی ہے، تو ان دونوں

منصوبوں کیلئے مہربانی کی جائے تاکہ ہمارا یہ جو صوبہ ہے، یہ خود کفیل ہو اور دہشت گردی یا Un employmentجو ہے، یہ ایگریکلچر سیکٹر سے ختم ہو۔ مہربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ میڈم ثوبیہ خان، اس کے بعد سراج صاحب جو ہے نا، اپنی سپیچ کرے گا۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ تھینک یو جناب سپیکر صاحب! کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ میں اپنی یہ تقریر چند الفاظ کے ساتھ شروع کرتی ہوں اور اس گورنمنٹ کو، وزیراعلیٰ صاحب کوDedicate کرتی ہوں:

کیا ہوا تیرا وعدہ وہ قسم وہ ارادہ

وہ تیرا انصاف کا نعرہ

کہاں گئی آپ کی گارنٹی اور آپ کا وہ وعدہ

گارنٹی، میں Last year سے گورنمنٹ کا ایک لفظ سنتی آرہی ہوں، گارنٹی ہم دے رہے ہیں کہ ہم نے یہ نہیں کیا تو ہم گارنٹی دے رہے ہیں، ہم نے وہ نہیں کیا تو ہم گارنٹی دیں گے، یہ گارنٹی، کس چیز کی گارنٹی ہے، کس چیز کی آپ لوگ ہمیں گارنٹی دے رہے ہیں اور کس طرح؟ گارنٹی کے 90دن بھی تو گزر گئے، گارنٹی جو دی تھی، پھر اس کے بعد ابھی عاطف خان صاحب بھی گارنٹی دینے کا وہ الفاظ سٹارٹ کئے ہوئے ہیں کہ میں گارنٹی دیتا ہوں، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ گارنٹی پہ تو گارنٹی بھی ابھی شرمانے لگی ہے۔ میں اس پر کچھ بات ہی نہیں کرنا چاہتی کیونکہ سب کو پتہ چل گیا ہے کہ گارنٹی کا لفظ کیا ہے اور آپ لوگ کیوں گارنٹی گارنٹی کہہ رہے ہیں، کیوں؟ ایک سال میں لوگوں کو سمجھ نہیں آئی کہ گارنٹی کیا ہے؟ دوسری، آپ لوگ صوبے کے انصاف کی بات تو چھوڑیں، صوبے کی تو دو کروڑ آبادی ہے، دو کروڑ آبادی میں کس کے ساتھ انصاف ہوا، یہ تو بہت دور کی بات ہے، 124جو ادھر ممبران ہیں، ان میں سے چند Nobles کے بغیر کس کے ساتھ انصاف ہوا ہے، کون خوش ہے؟ (تالیاں) مجھے بتائیں، سارے ممبرز مجھے بتائیں، کس کے ساتھ انصاف ہوا ہے چند Nobles کے بغیر؟ وہ تو میں بتا رہی ہوں، چاہے وہ اپوزیشن کے ہیں، چاہے وہ ادھر کے ہیں لیکن چند Nobles ہیں، باقی کس کے ساتھ انصاف ہوا ہے؟ اور میں وضاحت کروں گی ابھی اپنے دیر کی کیونکہ میں Belong دیر سے کرتی ہوں اور دیر کے بارے میں اپوزیشن نے اور سب نے دیر

کا ہی لفظ استعمال کیا ہے کہ سب کچھ دیر چلا گیا، یہ اے ڈی پی کی بک پڑی ہے نا، آپ لوگوں نے یہ پڑھی ہے کہ نہیں، کسی نے اس کو دیکھا ہے کہ اس میں کتنی سکیمیں دیر کو گئی ہیں؟ اور میں سردار صاحب سے، سراج صاحب سے بھی پوچھنا چاہتی ہوں، سراج صاحب! آپ نے دیر کو کیا دیا ہے؟ آپ مجھے اس اے ڈی پی میں بتائیں، آپ نے دیر کو کیا دیا ہے، اس اے ڈی پی میں کونسی سکیم آپ نے دیر کو دی ہے؟ ہم تو اس لئے چپ تھے کہ ہمارا سینیئر منسٹر ادھر بیٹھا ہے، فنانس منسٹر بیٹھا ہے، وہ دیر کو پتہ نہیں کیا لیکر آئے گا؟۔۔۔۔

جناب عارف یوسف (پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون): آپ کسی ڈیپارٹمنٹ کے اوپر اگر بات کرنا چاہتی ہیں تو ڈائریکٹ اس ڈیپارٹمنٹ سے کریں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: نہیں نہیں، میں بات کر رہی ہوں۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں جی، عارف صاحب! بیٹھ جائیں۔

اراکین: وایہ، وایہ، وایہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر! جناب سپیکر! میں اس پہ وہ، میں صرف سراج صاحب سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عارف یوسف صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: یوسف صاحب! بات سنیں۔

جناب سپیکر: بیٹھ جائیں نا جی، بیٹھ جائیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: بیٹھ جائیں آپ آرام سے۔

جناب سپیکر: فضل الٰہی صاحب! ان کو بٹھائیں، بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: مجھے پوری بات کرنے دیں، اب میں سراج صاحب سے اپنے دیر کیلئے یہ کہہ رہی ہوں، آپ نے ہمارے دیر کیلئے کیا کیا ہے؟ کوئی کہے کہ کتا آپ کا کان لے گیا ہے، ہم کتے کے پیچھے کیوں بھاگ رہے ہیں، اپنے کان کو دیکھیں نا، اس اے ڈی پی میں دیکھیں دیر کیلئے کیا ہے، لوئر دیر کیلئے؟ میں Belong لوئر دیر سے کرتی ہوں، لوئر دیر کیلئے دس سکیمیں ہیں، دس سکیمیں۔ میں نے اس کا ایک ایک پتا، میں نے ایک ایک اس پہ اس کا وہ ڈھونڈا ہے کہ دیر کیلئے کیا ہے؟ میں بتاتی ہوں، پشاور ڈسٹرکٹ کیلئے 57 سکیمیں ہیں، نیو سکیمز جو ہیں۔ کرک کیلئے 10 ہیں، ملاکنڈ کیلئے، میں بتاتی ہوں، نہیں سب کو بتا رہی ہوں،

سب کو بتارہی ہوں، (تالیاں) کرک کیلئے 10 ہیں، ملاکنڈ کیلئے 10 ہیں، کوہاٹ کیلئے 15 ہیں، مانسہرہ کیلئے 15 ہیں، اپر دیر کیلئے (تالیاں) ہزارہ کیلئے چار سکیمیں ہیں، ڈی آئی خان کیلئے چھ سکیمیں ہیں، بونیر کیلئے چھ ہیں، صوابی کیلئے 27 ہیں، (تالیاں) چترال کیلئے 14 ہیں، سوات کیلئے 16 ہیں، مردان کیلئے 23 ہیں، ایبٹ آباد کیلئے 25 سکیمیں ہیں (تالیاں) نوشہرہ کیلئے 33 سکیمز ہیں، شانگلہ کیلئے 8 ہیں، اپر دیر کیلئے 10 سکیمیں ہیں، Sorry لوئر دیر کیلئے، جو ہمارا (ضلع ہے)، اس کیلئے صرف 10 سکیمیں ہیں، 10 اور اس کی بھی میں ڈیٹیل دوں گی کہ وہ کتنی اماؤنٹ کی ہیں اور کیا کیا سکیمیں ہیں؟ تو آپ لوگ غلط فہمی میں کوئی بھی نہ رہے۔ تور غر کیلئے جو بہت ڈیویلپ ہے، اس کیلئے صرف 4 سکیمیں ہیں، بہت ڈیویلپ ایریا جو تور غر ہے۔ ٹانک کیلئے دو سکیمیں ہیں، چارسدہ کیلئے 7 سکیمیں ہیں، بنوں کیلئے 10 ہیں، ہری پور کیلئے 9 ہیں، لکی مروت کیلئے دو سکیمیں ہیں، ہنگو کیلئے 3 سکیمیں ہیں اور کوہستان کیلئے بھی 3 سکیمیں ہیں۔ ابھی میں سراج الحق صاحب سے پوچھتی ہوں، سراج صاحب! آپ کے KP-95 میں ایک ہائیڈل پراجیکٹ ہے، پیج نمبر 50 پر ہے، سیریل نمبر 214 ہے، Construction of Police Station، آپ کا چھٹا بجٹ ہے، اس میں آپ کے ہاتھ میں اتنی طاقت تھی تو آپ ابھی پولیس سٹیشن بنا رہے ہیں، ابھی سکیم میں آپ دے رہے ہیں؟ میں آپ سے یہ سوال اپنے دیر کی ایک حیثیت سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ آپ نے ہمارے ساتھ بھی اتنی شرافت کا وہ نہ لیں، چادر نہ لیں، ہمیں بھی آپ لوگوں نے پسماندہ بنا کر رکھا ہے، آپ کے چھٹے بجٹ کے ساتھ ہی Rehabilitation کی ایک سکیم ہے، 588 پیج نمبر 122 پی کے اے ڈی پی۔

جناب سپیکر: بولیس ناجی۔ (قہقہہ)

(تالیاں)

محترمہ ثوبیہ شاہد: اور یونین کونسل میں کمیونٹی سنٹر ہے 145 پر۔۔۔۔۔

اراکین: نماز کا ٹائم ہو گیا ہے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: نہیں نماز نہیں، آپ، آپ کچھ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وائنڈ اپ کریں جی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: اس کو چھوڑیں، چلو میں آپ لوگوں کو ایک اور پوائنٹ بتاتی ہوں، ایک اور بات میری سنیں، پی پی ایچ آئی کی، میں گورنمنٹ سے پی پی ایچ آئی کے بارے میں پوچھنا چاہتی ہوں۔ ابھی تک کسی نے پی پی ایچ آئی کے بارے میں پوچھا ہے کہ یہ پی پی ایچ آئی کیا پراجیکٹ تھا؟ اور اس سے دو ارب روپے ہمارے، دو ارب سالانہ ہمارے ادھر سے جاتے ہیں، ایڈوانس میں پی پی ایچ آئی کیلئے جمع ہوتے ہیں۔ میں آپ لوگوں کو انفارم کروں، یہ پی پی ایچ آئی جو ہے اس میں میں نے کام کیا ہے، میں نے اس میں ورک کیا ہے۔ پی پی ایچ آئی جو ہے یہ جہانگیر ترین کی 2007 میں ایک این جی او تھی۔

جناب سپیکر: یہ Kindly۔۔۔۔۔

اراکین: اب اس کو بات کرنے دیں۔

جناب سپیکر: نہیں، بجٹ کے اوپر بات کریں، بجٹ کے اوپر بات کریں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر! دیکھیں، حقیقت سنیں سر، حقیقت کڑوی ہوتی ہے، میرے بیان کو حذف نہ کریں۔

جناب سپیکر: نہیں، بجٹ کے اوپر۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: یہ فلور پہ یہ بات آنی چاہیے۔

جناب سپیکر: بجٹ کے اوپر بات کریں نا، بجٹ کے اوپر۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر! یہ بجٹ کے اوپر ہی ہے، جو دو ارب روپے بجٹ میں جاتے ہیں ادھر سے، میں اسی کے بارے میں پوچھ رہی ہوں، ہمارے صوبے سے یہ جاتے ہیں۔ ادھر کوئی ڈاکٹر نہیں ہوتا، چار بی ایچ یوز پر ایک ڈاکٹر ہے، Augumentine 100 تین مہینوں کیلئے ہیں، 100 پیراسیٹامول تین مہینوں کیلئے جو میں نے خود وزٹس کئے ہیں اور مجھے پتہ چلا ہے، یہ میں بجٹ کے بارے میں پوچھ رہی ہوں، اپنی گورنمنٹ کے پیسوں کے بارے میں آپ سے پوچھ رہی ہوں، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: وائنڈاپ کریں، جمعہ کا دن ہے تاکہ۔۔۔۔۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر! آپ ہمیشہ اسی طرح کرتے ہیں، وائنڈاپ کی بات نہیں ہے، کڑوی باتیں ہوتی ہیں لیکن سنیں۔ سر، آپ لوگ احتساب کمیشن کی بات کرتے ہیں نا، تو اس پی پی ایچ آئی کا تو احتساب کریں نا، جو ڈی ایچ او، سر! آپ سنیں، ڈی ایچ او کو یہ Allowed نہیں ہے کہ وہ جائے اور کسی بی ایچ او پہ وہ

ان کی انسپکشن کرے۔ ادھر دو ڈاکٹرز ہوتے ہیں، ساتھ تنخواہیں ہماری گورنمنٹ ان کو دیتی ہے، دو ارب روپے ادھر سے جاتے ہیں، دو ارب روپے فیڈرل سے بھی لیتے ہیں اور باہر سے بھی لیتے ہیں۔ یہ 2007 سے تھا اور یہ 2012 میں ختم ہو چکا تھا، سارے صوبوں میں یہ پراجیکٹ ختم ہے لیکن ہمارے صوبے میں، ہمارے صوبے میں پی ٹی آئی کی وجہ سے، جہانگیر ترین کی وجہ سے اس کو دوبارہ جو ہے، Continue کیا گیا ہے، اس کا احتساب کیوں نہیں ہوتا، اس میں کونسے ڈاکٹرز ہیں، اس میں کونسی دوائیاں ہیں، اس سے کیا ہماری بچت ہے، ہمارے پیسے کہاں جارہے ہیں؟ ہم اس میں تو نہیں ہیں کہ اس میں ہیلی کاپٹر میں لوگ پھیریں اور پارٹی کا وہ ہو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔ فنانس منسٹر صاحب! جمعہ کا دن ہے (قطع کلامیاں) دیکھیں جی، میں آپ کو بتا رہا ہوں۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر اراکین اسمبلی تقریر کا موقع نہ ملنے پر احتجاجاً واک آؤٹ کر گئے)

جناب سپیکر: پارلیمانی لیڈرز کے ساتھ بات ہوئی، مولانا صاحب! یہ تو ہم نے In principle decide کیا تھا، میں نے تمام پارٹیوں کو کوشش کی ہے کہ Equal time دیا ہے، اگر ایک دورہ گئے ہیں اور ابھی جو ہے فنانس، جمعہ کا دن ہے، مفتی صاحب! آپ اس کو۔۔۔۔۔

(شور)

مفتی سید جانان: ملګری دی جی، چې اوس دلته خبره نه کوی نو چرته به کوی جی، اوس چا ته به هغوی خپل درد بیانوی؟ ټول ملګری دی، حلفي ئے دی۔

جناب سپیکر: چلو ٹھیک ہے، پانچ منٹ دیتے ہیں، مفتی صاحب! پانچ منٹ، اس کو پانچ منٹ دیتے ہیں۔

مفتی سید جانان: اؤ جی، دوه دوه مینټه ورته ورکړئ جی، زه ئے راولم، راولم۔

جناب سپیکر: ابھی ہمارا فنانس منسٹر، ہم نے نماز تھوڑی لیٹ کی ہے، You do not worry

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: ان کو بھی دو دو، تین تین منٹ دے دیں، ممبران ہیں خیر ہے۔

جناب سپیکر: اوکے، ٹھیک ہے۔

(اس مرحلہ پر اراکین اسمبلی احتجاج ختم کر کے ایوان میں تشریف لے آئے)

جناب سپیکر: جی بالکل، آپ کو موقع دینگے، مہربانی ہو گی کہ پانچ منٹ کیونکہ جمعہ کی نماز ہے اور اس کے بعد جو ہے ناMain Winding Speech ہے، بہت زیادہ ہے۔ ملک ریاض صاحب۔

(تالیاں)

ملک ریاض: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ۔جناب سپیکر! بہت بہت شکریہ۔ محترم سپیکر صاحب میں سب سے پہلے مشتاق غنی صاحب منسٹر ہائرایجوکیشن کو داد دیتا ہوں اور اس کی ٹیم کو کہ اس نے اچھی کارکردگی کی، انہوں اپنا تمام فنڈ Utilize بھی کیا اور زیادہ فنڈ بھی خرچ کیا۔ میری تجویز ہے کہ حکومت ایسے ڈیپارٹمنٹ کو ایک شیلڈ دیا کرے ہر سال تاکہ ایک مقابلے کا رجحان رہے اور ہر ایک ڈیپارٹمنٹ صحیح کام کرے۔ جناب والا! 15-2014 کا کل حجم 404ارب بتایا گیا ہے جبکہ یہ الفاظ میں ہے، حقیقت میں نہیں ہے۔ جناب والا! اس سال 61ارب اس بجٹ میں شارٹ فال ہے، میں آگے بتاتا ہوں، 12ارب آپریشنل شارٹ فال ہے، Source کہیں نہیں ہے اور بتایا گیا ہے، Source نہ ہو تو وہ ہماری انکم کہاں سے ہو گئی، یہ فرضی Show کیا گیا ہے، اس کو Revise budget میں 10ارب سے 14ارب زیادہ Show کیا گیا ہے، اس Revised budget میں 341 سے کم ہو کر یہ 327ارب ہونا چاہیے تھا جو سرپلس بجٹ 17 ظاہر کرنا چاہیے تھا Opening balance میں ایوان سے کوئی منظوری نہیں لی جاتی جبکہ قانون کی رو سے ہر ایک، پیسہ پیسہ کیلئے منظوری لی جاتی ہے، اس کے بعد خرچ ہو سکتا ہے، یہ آئین کی خلاف ورزی ہے، اس کا ثبوت یکم جولائی کی Bank statement کے کیش بیلنس کے ذریعے میں اس ایوان کو پیش کرونگا کہ یہاں Opening Balance ہوتا ہے لیکن ہمیں Show نہیں کیا جاتا۔ اس طرح واپڈا کے 32ارب، میں اس موقع پر اکرم خان درانی صاحب کی اس حکومت یعنی ایم ایم اے حکومت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ یہ واپڈا کا مسئلہ انہوں نے حل کیا تھا، لوگ اس کی مخالفت میں تقریریں کرتے تھے لیکن وفاق سے کوئی ایک روپیہ یا واپڈا سے نہیں لا سکتے، یہ اکرم خان درانی کی ایم ایم اے حکومت کی کارکردگی تھی (تالیاں) جو رقم اس صوبے کو ملی، اب 32ارب کو پھر فرضی Show کیا گیا، کوئی Source یا کوئی معاہدہ نہیں ہے۔ اس طرح 35ارب روپیہ انہوں نے Foreign Aid بتایا ہے جس طرح پچھلے سال بھی بتایا گیا تھا جبکہ Revised budget میں اس کو

21ارب Show کیا گیا ہے۔ میں حیران ہوں، اگر 35ارب صحیح تھا تو 21ارب کیوں خرچ ہوا؟ تو یہ 14 ارب شارٹ فال جو ہوا، یہ انہوں نے کس محکمے کے خلاف انکوائری کی؟ یا انہوں نے فرضی Show کیا تھا، اگر 35ارب صحیح تھے تو 21ارب خیرات مانگ رہا تھا اور چیخ رہا تھا کہ مجھے پنجاب گندم نہیں دے رہا ہے، آپ کے پاس اتنی زمین ہے، 60 فیصد زمین صرف ڈی آئی خان میں ہے، سارے صوبے کا 60 فیصد حصہ ڈی آئی خان میں ہے لیکن یہ حکومت زراعت کی طرف کوئی توجہ نہیں دے رہی ہے، اگر اس کو آپ نے آباد کیا تو آپ دینے کی قابل ہو جائیں گے، نہ کہ مانگنے کے قابل۔ اس طرح ایریگیشن کو پہلے تین پرسنٹ فنڈ زیادہ کیا گیا جبکہ ہر سال 10 سے لیکر 15 پرسنٹ تک مہنگائی ہوتی ہے۔ میرا آخری ایک سوال ہے فنانس منسٹر صاحب سے کہ 1122 ہمارے جنوبی اضلاع کوہاٹ، بنوں، ڈی آئی خان کیلئے منظور ہوا تھا لیکن اے سی ایس صاحب کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے اس کو Drop کیا گیا ہے جبکہ اس کو علم نہیں ہے کہ یہ اضلاع آگ میں جل رہے ہیں، میری تجویز ہے اور ریکویسٹ ہے کہ ہمارا یہ 1122 بحال کیا جائے اور اس کو منظور کیا جائے کیونکہ ہم سب تکلیف میں ہیں، ہمیں 1122 کی سخت ضرورت ہے، یہ جو تین جنوبی اضلاع کیلئے پہلے سے Proposal تھی، اس کو منظور کیا جائے۔ شکریہ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نور سلیم خان صاحب، اس کے بعد۔

جناب نور سلیم ملک: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔

جناب سپیکر: مختصر کریں، آپ کی تقریر ملک ریاض نے کی ہے۔

جناب نور سلیم ملک: سپیکر صاحب! آپ کا بہت بہت شکریہ۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے سپیکر صاحب! آپ اس ہاؤس کے کسٹوڈین ہیں، ہمیں بھی بالکل آپ ہی کی طرح جیسے آپ منتخب ہو کر آئے ہیں اپنے حلقوں سے، ہمیں بھی اپنے عوام نے یہاں اپنی نمائندگی کیلئے بھیجا ہے۔ یقیناً ہمارا بھی اتنا ہی حق ہے کہ ہم اس ایوان کے فورم پر اپنے عوام کیلئے آواز اٹھا سکیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: بسم اللہ۔

جناب نور سلیم ملک: جناب سپیکر! میں پہلے بھی زیادتی اور ناانصافی کا شکار رہ چکا ہوں اور اب مجھے امید تھی کہ ایسا نہیں ہوگا، چار دن سے جناب سپیکر! میں نے سب سے پہلے آپ کو ریکویسٹ بھیجی تھی کہ میں بجٹ کے اوپر تقریر کرونگا لیکن سب سے آخیر میں اور اب بھی آپ مجھے کہہ رہے ہیں کہ ٹائم کو دیکھتا رہوں تو میں آپ کی بات کو مان لونگا، میں ٹائم کو دیکھونگا، میں صرف چند ایک باتیں کرونگا۔ جناب سپیکر، مجھے ایک بات تو یہ کرنی ہے جو آج وزیر اعلیٰ صاحب موجود نہیں ہیں، میرا خیال تھا کہ وہ موجود ہوتے تو زیادہ بہتر ہوتا اور امید ہے کہ شاید میری گزارشات آپ ان تک پہنچادینگے تو میں آپ کا ممنون رہونگا۔ جناب سپیکر، میں وزیر اعلیٰ صاحب سے صرف ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں، یہاں منسٹر صاحبان بھی بیٹھے ہوئے ہیں، عموماً ہر منسٹر اٹھ کر کہتا ہے کہ آپ ہمیں بتائیں، ہمیں تجویز دیجئے، ہم آپ کی تجویز پر عمل کرینگے۔ جناب سپیکر! پچھلا ایک سال گزر چکا ہے، ابھی تک وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس میرے حلقے کیلئے پانچ منٹ نہیں ہیں کہ میں ان کو اپنے مسائل کا ذکر کر سکوں اور وہ ان کیلئے ان کے حل کیلئے کوئی اقدامات اٹھا سکیں۔ جناب سپیکر! بجٹ وہ ڈاکومنٹ ہوتا ہے جس میں Expenditures اور ریوینو کا تذکرہ ہوتا ہے۔ میں اپنے سینیئر وزیر محترم جناب سراج الحق صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنا چھٹا بجٹ بہت ہی غیر متوازن پیش کیا اور جیسے ہم پہلے سنتے تھے جماعت اسلامی کے جلسوں میں کہ گرتی ہوئی دیواروں کو ایک دھکا اور دیجئے، اب سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ یہ دھکا کسے دیا جارہا ہے؟ جناب سپیکر! اس موجودہ بجٹ میں انتہائی ناانصافی سے کام لیا گیا ہے، میں یہ بالکل نہیں کہونگا جس طریقے سے میرے کچھ اور دوستوں نے یہاں پر ذکر کیا کہ تین ضلعوں کا بجٹ ہے، میں یہ کہونگا کہ وہ تین ضلعے بھی اسی صوبے کا حصہ ہیں، یقیناً اگر وہاں پر ضرورت بہت ہے تو ان کو دیا جانا چاہیے لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی پوچھونگا کہ جب ہر بات پر یہ کہا جاتا ہے کہ ضرورت، Need Basis تو میں حیران ہوں کہ وہ Need Basis، آخر ہمارے بھی اضلاع ہیں، ہمارے بھی عوام ہیں، وہ بھی اسی صوبے کا حصہ ہیں، وہ چاند کی زمین پر نہیں رہتے جناب سپیکر! وہ بھی اسی صوبے کے عوام ہیں، ان کا بھی اس صوبے پر اتنا ہی حق ہے جتنا دیر، نوشہرہ اور صوابی کے لوگوں کا حق، دیر، نوشہرہ اور صوابی کے لوگوں کو بھی اپنا حق ملنا چاہیے لیکن ان کے ساتھ ساتھ جو دوسرے عوام ہیں، ان کو بھی اپنا حق ملنا چاہیے، ان کے نمائندے کو حق نہیں مل رہا تو پتہ نہیں ان کے حق کا کیا ہوگا جو آئندہ وہ اللہ ہی بہتر جانتا

ہے۔میں جناب سپیکر! چھوٹی سی بات کرونگا، اسلامی انصاف کی حکومت جب سے آئی ہے، وزیراعلیٰ صاحب نے جب پہلی دفعہ اپنی تقریر کی تو میں نے اس کا ذکر کچھ اپنے دوست احباب سے اس طرح کیا کہ اگر یہ تمام اقدامات ہو گئے تو پھر اس صوبے کو مزید کسی فلاحی اقدامات کی ضرورت نہیں رہے گی But un fortunately چار دفعہ 90روز گزر گئے لیکن ان کی کہی ہوئی باتوں پر کوئی عمل نہ ہو سکا، تو مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ ابھی ایسا ہی ہوگا۔ جناب سپیکر! چھوٹی سی بات بجٹ کے اوپر، بجٹ سے کچھ روز پہلے ہمیں بتایا گیا کہ آپ کچھ روڈز کیلئے سکیمیں دے دیجئے، وہ میرا خیال ہے آپ کے آفس کے توسط سے ہم نے جمع بھی کرائی تھیں، بدقسمتی سے ان میں سے ایک بھی نہیں آئی لیکن اس کے باوجود میں اپنے حلقے کے عوام سے جب اس سلسلے میں رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ جب پینے کیلئے پانی نہیں ہوگا تو اس سڑک پر چلیں گے کیسے؟ جناب سپیکر! بالکل شاہ فرمان صاحب اپنے حلقے کیلئے ساڑھے انیس کروڑ روپے، نہیں میں کہتا ہوں ساڑھے انیس ارب روپے رکھیں لیکن یہ بھی تو دیکھیں کہ پورا ضلع جہاں پہ تین حلقے موجود ہیں، وہاں کیلئے پچھلے سال صرف چار کروڑ روپے رکھے گئے تھے اور وہ بھی Lapse ہو گئے، ان میں سے کوئی ایک سکیم نہیں ہو سکی، جناب سپیکر! اس سال میں کیا امید کروں اور اپنے عوام کو کیا بتاؤں کہ جیسے آپ نے مجھے وہاں بھیجا تھا، وہ آپ کیلئے کیا لیکر آیا؟ میں تو حیران ہوں کہ وزیراعلیٰ صاحب کے پاس میرے حلقے کیلئے صرف پانچ منٹ نہیں ہیں کہ جہاں پر میں ان سے اپنے حلقے کے مسائل کا ذکر کر سکوں۔ اسی طریقے سے سراج الحق صاحب پر بھی دوہری ذمہ داریاں ہیں، وہ ایک جماعت کے امیر بھی ہیں اور ساتھ سینیئر وزیر بھی ہیں، یقیناً ان کے اوپر بہت زیادہ ذمہ داریاں ہیں، ان کے پاس بھی وقت کی کمی ہے مگر میری ان سے چھوٹی سے درخواست ہو گی، اگر یہ اپنا چھوٹا بھائی سمجھ کر میرے لئے پانچ منٹ نکال سکیں تو میں آج اپنا وقت جو ہے وہ آپ کے حوالے کرتا ہوں اور ان سے ملکر جو ہے نا اس پر ڈسکشن کرتا ہوں۔ بہت شکریہ، جناب سپیکر.

جناب سپیکر: بابر سلیم۔

جناب بابر خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ - ډیره مهربانی سپیکر صاحب چې تاسو ماته دلته کښې موقع راکړه د خبرو کولو۔ جناب سپیکر صاحب! یوه خبره کول غواړم، په دې ځائې کښې یو رجسټر پروت دے چې د کله نه مونږ ایم پی ایز جوړ شوی یو، دا ټول ایم پی ایز راځی په هغې کښې خپلې حاضریانې لګوی، دا

رجسټر به راواخلئ او د ټولو ایم پی ایز حاضریانې چیک کړئ۔ بیا چې زمونږ کوم ګروپ دے، کومه پارټی ده، پینځه ایم پی ایز دی پکښې، د هغوی ټولو حاضریانې به هم چیک کړئ او زما حاضری به هم چیک کړئ، چې کله دلته کښې یو Bill راشی یا څه شے راشی نو مونږ آوازونه اوکړو، هغه پاس شی، یو ښه خبره اوشی د حکومت دطرف نه نو ټیبلې مونږ بجاؤ کړی دی، که ښه خبره وی او که غلطه خبره وی، زمونږ مجبوری ده چې خپل حکومت به سپورټ کوؤ، په هر میدان کښې ئے سپورټ کوؤ۔ اوس دې پیرې ته چې کوم بجټ پیش کړے شو، ښه خبره ده د 344ارب روپو نه لاړ 400ارب د پاسه، سراج صاحب، زمونږ سی ایم صاحب ټولو ډیر محنت پکښ کړے دے، کریډټ ورته هم ورکول پکار دی ځکه چې خامخا دومره زیات اربونو روپئ سیوا شوې نو په روډز کښې، په هیلتھ ایجوکیشن کښې، هر یو سیکټر کښې ښه کافی بجټ سیوا شوے دے نو خامخا د دې صوبې د دې خلقو او د ضلع صوابئ خلقو ته به پکښې هم څه نه څه فائده ملاویږی۔ جناب سپیکر! دا د پی ټی آئی حکومت دے، د عمران خان حکومت دے، عمران خان چې څومره پورې زه پیژنم د وړوکوالی نه، زما خو Personally یو آئیډیل انسان دے As cricketer، بیا As social worker او As politician لا اوس زه په هغه فیز کښې یم چې به وروستو Decision کوم پینځه کاله پس، خو عمران خان نه، د هغه د حکومت نه، زمونږ د دې ګورنمنټ نه ډیر امیدونه دی او خاصکر زمونږ د خلقو، د ضلع صوابی او زه به د خپلې حلقې پی کے 31 خبره اوکړم، د هغې عوام هم ډیر زیات امیدونه دی، مختلف زمونږ سکیمونه غوښتلی شوی وو چې تاسو روډز کښې راکړئ، یعنی تاسو کوم کوم ځائې ضرورت دے په حلقو کښې، څه بریجز هم پکار وی ،دستکاری سنټر، نور څه مختلف ایریګیشن کښې سکیمونه ورکړی شوی وو، ټول ایم پی ایز ورکړی وو، اپوزیشن والا هم ورکړی وو، ما هم ورکړی وو، چې کله د بجټ دا بک راغے، proposed ADPپرې لیکلې شوې ده۔ په دیکښې چې ما کله اوکتل نو زمونږ حکومتی چې کوم ایم پی ایز دی چې ټریژری بنچز باندې ناست دی، نو که نورو څیزونو کښې ورته څه ملاؤ شوی دی او که نه خو په روډز کښې هر یو ایم پی اے ته، حکومتی هر یو ایم پی اے ته بلکه زه به دا وایم چې اپوزیشن ایم پی ایز ته

روډ ز ملاؤ شوی دی۔ ښه خبره ده، زه د هغې خلاف نه یم، زه وایم چې دې پیرې ته ورته څومره ملاؤ شوی ده، د دې نه زیات ورته ملاویدل پکار دی خو ډیر د افسوس خبره ده چې دا د عمران، د پی ټی آئی حکومت دے، جماعت اسلامی، زمونږ سراج صاحب هم ناست دے، ډیر خوږ مشر دے، زما د تره پشان دے، اکثر چې ما ته او وائی چې وراره! نو زه ډیر زیات خوشحاله شم، نو د دې حکومت واحد زه ایم پی اے یم چې دا اوګورئ دا کتاب چې زما روډ تقریباً چھ کلو میټر روډ د خپلې حلقې د پاره، یو بریج وو پکښې، هغه اچولے وو او چې هر څه وجه شوې ده چې د سینیئر منسټر د صوابئ په وینا او چې هر څه وجه شوې ده، هغه ټول څیزونه ډراپ شوی دی، نو آیا دا انصاف دے؟ که دا انصاف حکومت وی، دا دغه وی نو کم از کم زه دا نه منم او زه د اپوزیشن دې ورونړو ته وایم چې اے زما ورونړو! دیکښې زما والله دا سې مشران دی چې زما والد صاحب سره په 2002 کښې هم وو، د هغې نه مخکښې ورسره هم تعلق پاتے شوے دے، نو زه دوئ ته وایم چې تاسو د څه د پاره ژاړئ، راشئ مونږ حکومتی بنچونه والا ژاړو، تاسو د څه غم کوئ، تاسو خو هډو دا ګیله مه کوئ۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

جناب بابر خان: جناب سپیکر! دا چې کوم دے حد نه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ټائم شارټ دے، بابر۔۔۔۔۔

جناب بابر خان: جناب سپیکر! زما حلقه کښې د خلقو ډیر زیات امیدونه وو، ما د اے ډی پی بک اوکتو نو هغې کښې هر حکومتی ایم پی اے ته روډ ز ملاؤ شو، هر څه ملاؤ شو خو ډیره دا افسوس خبره ده چې زما حلقه کښې هیڅ هم نشته۔ زه عمران خان ته دا اپیل کوم چې ته راشه، خپل ټیم رااولیږه، سروے اوکړه، هلته کښې شپږ حلقې دی پی کے 31 نه واخلې پی کے 36 پورې او هغې کښې اوګوره څلور په دې حکومتی ایم پی ایز دی، دوه پکښې زمونږ اپوزیشن والا ایم پی ایز دی او ټولو حلقو کښې به اوګورئ چې کومې کومې حلقې ته څومره روډ ز ورکړی شوی دی او څه څه څیزونه ورکړی شوی دی؟ بدنامه خو ضلع صوابی ده زما ورونړو اپوزیشن والو! چې تاسو هر وخت دا وایئ چې هر یو شے ضلع

صوابئ ته لاړو خو په ضلع صوابی کښې ګورے یو حلقه دوه ده، سپیکر صاحب ګورے هم هسې بد نام دے، د دوئ هغې کښې هم ګورے څیزونه نشته، ډیر څیزونه ګورے بل پله روان دی-----

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔ شکریہ جی۔

جناب بابر خان: سر، دیکښې واضحه طور باندې زما حلقې سره زیاتے شوے دے او زه دې باندې پرزور احتجاج کوم-----

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ جی۔ بابر! تھینک یو، تھینک یو۔

جناب بابر خان: جناب! ما سره زیاتے شوې دے او زه په دې سلسله کښې د اسمبلئ نه واک آؤټ کوم۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر جناب بابر خان، رکن اسمبلی ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب سپیکر: عظمیٰ خان!

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب! اس دفعہ بجٹ میں ایک دوسری-----

جناب سپیکر: عبدالمنعم خان (جناب بابر سلیم کی طرف بھیجا تاکہ منا کر لے آئیں) ہاں عظمیٰ خان ۔

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب! دا ځل مونږ خو بجټ کښې یو نوے پریکټس اولیدو چې تاسو یو اپوزیشن ممبر له ټائم ورکوئ او یو د ګورنمنټ۔ مخکښې خو به داسې وه چې مونږ به سپچز خلاص کړل، وائنډ اپ به یو د ګورنمنټ ټریژری بنچز نه اوشو، دا ځل 50% تاسو ګورنمنټ ته ورکړو او 50% تاسو مونږ ته راکړے دے۔ سپیکر صاحب، زه به بجټ باندې راشم نو جناب سپیکر! تیر کال 118 ارب اے ډی پی کښې چې کوم ما فګرز د کے۔پی فنانس ډیپارټمنټ په ویب سائیټ کتلی دی نو هغې کښې صرف 34 ارب Utilize شوی دی مسټر سپیکر، هغه چې د ټوټل اے ډی پی تقریباً 29 فیصد جوړیږی۔ سپیکر صاحب چې که مونږ اوګورو، یو حکومت 118 ارب نشی خرچ کولے نو 139 ارب هغه اوس څنګه خرچ کوی؟ آیا تاسو دا Ability په دې ګورنمنټ کښې وینئ جناب سپیکر صاحب! دا خو یو سړے وو، هغه خپل ځان له نوکر ساتلے وو او نوکر ته ئے اول

روټۍ کیښودہ، وئیل ته دا اوخورا چې تا دا اوخوړه بیا به زه فیصله اوکړم۔ نوکر لږه شان اوخوړه او وئیل زه نوره نشم خوړلې، هغه ورته وئیل اوځه د دې ځائې نه چې ته روټۍ نشې خوړلې نو ته به زما کار څه اوکړې؟ نو سپیکر صاحب! چې حکومت پیسه نشی خرچ کولې نو هغه به نور حکومت څنګه Run کوی؟ (*تالیاں*)
سپیکر صاحب! د سوشل ویلفیئر ډیپارټمنټ تاسو ته وایم چې دا سې ډیپارټمنټ دے چې د هغې د عامSpecially غریبانو سره او دې خلقو سره د هغې ډیر یو تعلق راځی۔ سپیکر صاحب! دې ته 60 کروړ روپۍ ورکړې شوې وې او هغې کښې صرف 20 کروړ Utilize شوې دی۔ هغه سپیکر صاحب! په دې علاقه کښې څوک مستحق نه وو، چا ته وهیل چیئر نه وو پکار یا چا ته سلائی مشین نه وو پکار یا چا ته جهیز فنډ نه وو پکار سپیکر صاحب، مونږ په آئی ډی کارډ جمع کولو باندې سترې شو چې دا مستحقین دی، دوئ له څه ورکړی، څه ورکړی او 40 کروړ روپۍ ته هغوی تالا لګولې ده او پراته دی ورسره او نه ئے لګوی۔ جناب سپیکر، د دې څه مقصد شو؟ کرپشن ختمولو دا مقصد خو نه وی چې زه به د کرپشن د یرې نه پیسې ته تالا وراچوم کرپشن به نه کیږی۔ جناب سپیکر! ته میدان ته رااوباسه او بیا کرپشن کنټرول کړه پکښې نو هله به مونږ بهادری اوګورو د حکومت۔ سپیکر صاحب! ما خو په اخبار کښې یو خبر اوکتو چې سی ایم وائی چې زمونږ اولنے ټولو نهImportant budget کښې چې زمونږ مقصد وو نو عوام ته ریلیف ورکول وو، آیا دا ریلیف وو جناب سپیکر صاحب! چې په ډاکټرانو باندې مو ټیکس زیات کړو، په پرائیویټ سکولونو باندې ټیکس زیات کړو، هغوی خو د خپل جیب نه دا ټیکسونه نه ورکوی، هغه فیس Increase کوی، بوجھ به هم دغه غریبانو باندې پریوځی جناب سپیکر، آیا تاسو سره بیا فیس کنټرول د پاره څه اداره شته چې هغه چیک اینډ بیلنس اوساتی چې ډاکټر به د پانچ سو نه فیس هزار ته نه زیاتوی، پرائیویټ سکولونو والا به تین هزار نه چھ هزار ته فیس نه خیژوی سپیکر صاحب، بیا خو دغه ځائې کښې هم کنټرول پکار وو کنه، څه چیک اینډ بیلنس پکار وو چې ټیکس زیاتوم خو فیس به نه زیاتوی۔ سپیکر صاحب! که زه ستاسو د پلاننګ فقدان اوګورم جناب سپیکر! نو پشاور کلین اینډ ګرین منصوبه باندې لکهونو روپۍ اولګیدې جی، ګرین بیلټ ئے

جوړے شوې او اوس هغه گرین بیلټ ئے ماتیږی او سړکونه Extend کیږی،آیا حکومت ته مخکښې نه اندازه نه وه چې د پشاور دا سړکونه د دې ټریفک د پاره ناکافی دی، بیا ولې په گرین بیلټ باندې دومره لکهونو روپئ ضائع شوې؟ سپیکر صاحب! په دې به زما یو کوئسچن ایوان ته راشی او هغه به حساب ورکړی چې په دې گرین بیلټ څومره پیسې لگیدلې وې او ولې بیا دا دوباره مات کړے شو؟ سپیکر صاحب! چې زه د یوتهـ اوگورم چې چا د یوتهـ نه ووټ اخستے دے او دې ایوان ته راغلی دی نو یوتهـ نه خو ئے جی یو سوالگر جوړ کړو چې بس هغه قرضو ته لاس نیولے او بس یو څیز او بل څیز ته جناب سپیکر! کله به مونږ د آئی ډی پیز پیسې اخلو او کله به مونږ دا وطن کارډ اخلو، دا څیزونه جناب سپیکر! why not چې مونږ یو غټ میگا پراجیکټ ورکړو، دا نشو کیدے چې څنگه فیډرل مخکښې یوتهـ ته یو پروگرام جوړ کړے وو چې انټرن شپ به ئے ورله ورکولو او 10000 per month به ئے ماسټر سټوډنټس ته ورکول چې دې گورنمنټ هم داسې د یوتهـ، Educated youth د پاره یو پراجیکټ شروع کړے وے چې هغه انټرن شپ کولے او تقریباً یو 10 هزار 12 هزار هغوی له Per month ورکولے نو تاسو ته به افرادی قوت ملاویدو او هغوی ته به پیسې ملاویدے۔ دې نه علاوه سپیکر صاحب! صرف 50 هزار یا دو لاکهـ پورې قرضه کیښودلې شوې ده، په دو لاکهـ باندې نن سبا څه کیږی؟ چې عام یو دکان هم په کرائې اخلی نو سیکورټی کښې ترې هغه دو لاکهـ ډیمانډ کوی، Further به هغه بزنس په دو لاکهـ باندې څه اوچلوی؟ سپیکر صاحب! ډیره ښه خبره په بجټ کښې ما اولیده چې میډیا کالونی جوړیږی او دا انتهائی ښه خبره ده خو دې سره سره پکار دے چې مخکښې نه کومه درانی میډیا کالونی In process ده، هغې completion د پاره خو هم څه کوششونه کړی شوی وے کنه، که نه هغې باندې د درانی صاحب نوم دے نو هغه به دغسې پینډنگ پرته وی او بله چې دا گورنمنټ کوم سټارټ کوی، هغه به سر ته رسیږی؟ سپیکر صاحب، دا زما یو څو تجاویز وو او فائده خو هسې هم څه نشته که زه گهنټه سپیچ اوکړم، بس زه په دې ځائې ختموم۔ Thank you so much۔

جناب سپیکر: مہربانی، مہربانی۔ ارشد عمرزئی۔ پلیز ټائم ډیر دغه دے Tight time، پلیز د ټائم خیال ساته۔

جناب ارشد علی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ ۔ بس زه دوه منټ اخلم جی، مهربانی جی۔ اول خو زه جی دا خبره کوم چې کوم بجټ 15-2014 پیش شو، دیکښې حکومتی بنچز نه دا آواز دے چې دا عوام دوست او غریب دوست بجټ دے، زه دا وایم چې آیا دا عوام دوست او غریب دوست بجټ چې دے، دا صرف د حکومتی بنچونو د پاره دے، دا عوام او غریب، دا صرف چې کوم ممبران په حکومت کښې دی د هغوی د پاره دا بجټ پیش شوے دے او که نه مونږ هم په څه توقعاتو خپلو غریبو خلقو دلته رالیږلی یو، د خپلې حلقې مشری ئے راکړې ده چې دوئ به زمونږ د پاره، زمونږ د حلقې د پاره اسمبلی ته مولیږلی دی او هغوی به مونږ له چې کوم حلقه کښې کومې مسئلې مسائل دی، دا به حل کوی خو افسوس سره دا وایم چې زمونږ په ډسټرکټ چارسده کښې دوه ځله سیلاب راغلے دے او په دواړه ځله سیلاب کښې زیات تر چې دے، زما حلقه تقریباً 70% چې ده، هغه تباه شوې ده۔ په 2008 کښې سیلاب راغلے دے نو هم ورته حکومت نه دی کتلی، په 2010 کښې بیا سیلاب راغلے دے نو هم ورته حکومت نه دی کتلی۔ بیا چې مونږ کله په حکومت کښې راغلو، اوس 2013 کښې مونږ حکومت کښې راغلو نو بیا هم هغه شان ده کوم چې د هغه وخت وران سکولونه دی چې کوم د هغه وخت وران بی ایچ یوز دی، کوم چې د هغه وخت وران سړکونه دی، روډونه دی، کوم چې د هغه وخت لارې کوڅې دی او مونږ ته د سیلاب د وجې نه چې دے زمونږ قوم ته ډیر غټ تکلیف دے او هغه اوسه پورې نوې څه کوې چې هغه Repair ئے ونشو۔ مونږ له په2013 کښې چې دے ،14-2013 بجټ کښې یو سکول راکړے شوے دے، آیا دا دغه د اوکړے شی چې وران شوی په دې سیلاب کښې څومره دی سکولونه؟ اول د خو هغه زاړه سکولونه چې کوم وران شوی دی او سیلاب اوړی دی، د هغې Repair د اوشی، بیا چې کوم یو پرائمری سکول مونږ ته راکړے شوے دے، هر ایم پی اے ته ورکړے شوے دے، اپوزیشن ته، بیا د هغې د پاره مونږ کال اوشو چې ځایونه ورکړی دی، غریبو خلقو جائیداد ورکړے دے، اوسه پورې لا یو خښته هغې کښې نه ده لګیدلې۔ آیا دا د ایجوکیشن ایمرجنسی

ده چې په یو کال کښې اوسه پورې د هغې د پاره پالیسي جوړه نشوه، د نوې سکولونو د پاره پالیسي جوړه نشوه۔ بیا هغې سره سره اوسه پورې په سکولونو کښې چې ماشومان بهر په ډاګونو کښې ناست دی، کمرې ئے وهلی دی، سائډ والونه، اوس باؤنډری وال ورسره نشته دے او په کهلاؤ میدان ماشومان ناست دی او سبق وائی۔ زیات تر سکولونو کښې د استاذانو کمے دے، څو ځله منسټر صاحب سره کښیناستم، څو ځله مې ورته اووئیل چې دیکښې کم از کم استاذان خو چې راشی کنه، دا ماشومان دغه شان په نمر ناست دی، نوې کمرې ئے راکړې دی دوه درې دی، اوسه پورې د هغې څه کار چالو نشو چې ماشومان په نمر ناست دی چې هغه سکولونو ته، سکول کښې کمره جوړه شی چې هغې ته خو دا ماشومان دننه شی۔ هم دغې سره د سکولونو سره سره د بی ایچ یوز۔ هم زمونږ دغه حال دے، زما په حلقه کښې چې څومره بی ایچ یوز دی، هغه هم دغه شان وران پرته دی۔ په 07-2006 کښې زما په حلقه کښې صرف یو بی ایچ یو چې ده، هغه آر ایچ سی شوے دے په عمرزو کښې چې هغه زما شهید ورور عالمزیب عمر زئی د دې اسمبلئ یو ممبر وو چې هغه بی ایچ یو نه آر ایچ سی کړے دے او د محکمې د غفلت د وجې نه 2006 ته اوګوره او 15-2014 ته اوګوره، اوسه پورې د هغې سینکشن رانغے چې په هغې کښې ډاکټران کار چالو کړی۔ د هغې سره دوه درې کاله اوشو چې د هغه آر ایچ سی د پاره سامانونه راغلی دی او سامانونه د لکهونو سامانونه دی، هلته خراب شو، هلته هم دغه شان زنګ اووهلو او د محکمې د غفلت د وجې نه هغه آر ایچ سی هسپتال هم دغه شان پروت دے۔ منسټر صاحب سره د الله بنه اوکړی که زمونږ ضلع کښې یا زمونږ هغه حلقه کښې څه سینیئر ډاکټران وو نو هغه ئے هم زمونږ نه اوچت کړل او هغوی ئے یو خوا بل خوا اولیږل او مونږ له جونیئر ډاکټران ئے راواستول چې په هغې باندې څومره زمونږ عوامو احتجاج اوکړو، زمونږ عوام سړکونو ته راووتل۔ د منسټر صاحب په دغه کښې مو څو ځله مخې ته کیښودل، اوسه پورې په هغې هیڅ عمل اونکړے شو او مونږ هم هغه شان جونیئر ډاکټرانو ته ناست یو او هغوی ته خپل قام مخکښې کوؤ۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔

جناب ارشد علی: هم دغې سره جی، یو دوه منټه جی بس-----

جناب سپیکر: جی۔

جناب ارشد علی: ایریګیشن کښې چې دے، چې څنګه ما وړومبئ خبره اوکړله، زما په حلقه کښې درې دریا تلی دی، دریائے کابل، دریائے جیندی، دریائے خیالی او زما حلقه ئے، چې کله سیلاب راشی نو په هغې باندې زیات تقریباً 70پرسنټ زما علاقه خرابوی او د هغې د پاره په دې اے ډی پی کښې څومره سکیمونه چې دوئ هغه اچولی وو خو یو سکیم هم پکښې دا سې را نغے چې زه هغه خپله حلقه بچ کړم۔ اوس بیا د سیلاب ورځې دی، اوس بیا د هغې ورځې دی، بیا به سیلابونه راځی، ما ته هم هغه خلق دی، راځی او موږ ته کښینی چې موږ له د دې پاره باؤنډری وال، سائډ وال د دې د پاره سپړے، هیڅ نشته نو زموږ دا دغه دے چې کم از کم موږ هم چې دې قام رالیږلی یو دلته، قام خپلې نمائندګئ له رالیږلی یو-----

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب ارشد علی: چې څنګه د خپلو حکومتی ممبرانو خیال ساتلے شی چې دغه شان د اپوزیشن هم خیال اوساتلے شی او بیا-----

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ۔

جناب ارشد علی: -----( شور)----- نو آیا دې ځل له-----(شور)----- ورکړے شوی دی، هغه صرف په یو حلقه کښې، هغه ئے ټول په یو حلقه کښې ورکړی دی، ځکه ئے په یو حلقه ورکړی چې هغلته یو حکومتی ایم پی اے دے، نور خو د اپوزیشن دی، نور اپوزیشن له ئے خو نه دی ورکړی، نو موږ دا ریکویسټ کوؤ چې کم از کم موږ هم د دوئ پشان ووټ اخستے دے او د خپل قام نمائندګی کوؤ، نو مهربانی د اوکړې شی۔ شکریه جی۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ جی۔ اب میں اعلان کرتا ہوں اور اس کے بعد جو ہے نا محترم سراج الحق صاحب اپنی سپیچ کریں گے جو ایجنڈا تقسیم کیا گیا ہے، یہ مورخہ 21 اور 23 جون 2014 کا ہے، لہذا حکومتی بجٹ

پالیسی کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ سے گزارش کی جاتی ہے کہ ایجنڈا کی کاپیاں کل مورخہ 21اور 23جون کو اپنے ہمراہ لائیں تاکہ اسمبلی سیکرٹریٹ کو بار بار ایجنڈا کی چھپائی نہ کرنی پڑے۔۔۔۔۔

محترمہ یاسمین پیر محمد خان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: چونکہ، چونکہ اسمبلی نے دو، میډم! خبره کوئ، زه اعلان اوکړم بیا ته خبره اوکړه، ته کېښینه زه اعلان کوم۔ نیز چونکہ اسمبلی نے دو دنوں کے اندر مذکورہ ایجنڈا کو نمٹانہ ہے لہذا گزارش کی جاتی ہے کہ وقت کی پابندی کو یقینی بنایا جائے۔ یہ ایجنڈا آپ کو ملا ہے، یہ آپ نے 21اور 23 کو اس ایجنڈے کو ساتھ لانا ہے۔ میڈم!

محترمہ یاسمین پیر محمد خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ډیره ډیره مهربانی، سپیکر صاحب۔ ما خو وئیل چې زمونږ قام سره به په بهر باندې زیاتے کیږی خو دلته په اسمبلئ کښې هم مونږ سره زیاتے روان دے۔ زیواځې ښځه یم، ما ورومبئ ورځ تاسو له لیکلی درکړی وو او ما ته اوس د ټولو نه کم وخت ملاؤ شو سپیکر صاحب۔ زه ډیرې خبرې کول نه غواړم ځکه چې د جمعې ورځ ده او ما ته هم دا احساس شته خو یو څو خبرې کول غواړم۔ سپیکر صاحب! زه به د سوات په حواله تاسو سره خبره اوکړم، سوات ډیره ښائسته علاقه ده او که نن سبا تاسو سوات اوکتو نو سوات وران ویجاړ پروت دے، د هغې سرکونه که تاسو اوګورئ، سیلانیان هغې ته څه کوئ چې د خپل کلی خلق هغې ته نه ځی۔ که تاسو سکولونه اوګورئ، اول خو د ظالمانو د لاسه چې څه هغې سره شوی وو، هغه ټول هال ته پته ده۔ بیا په هغې سیلاب راغے او سیلاب د لاسه چې څه شوی وو او اوس که تاسو اوګورئ نو په سوات کښې تر اوسه پورې بعضې سکولونه بند پراته دی، د ټیچرانو د لاسه او سکول کښې د بلډنګ د خرابیدو د لاسه۔ خدائے د د بهر خلقو سره ډیر ښه اوکړی، مطلب زما دا چې د بهر حکومتونو کافی سکولونه ټهیک کړی دی خو ولې د دې حکومت هم څه حق جوړیږی چې په هغې باندې پام اوکړی ځکه چې د هغوی د ماشومانو ژوند ډیر تباه شوے دے او ډیر خراب شوے دے۔ که تاسو سوات سره اوګورئ نو سوات سره همیشه زیاتے کیږی، خدائے پاک هغې له ډیر ښائست ورکړے دے خو ولې خلق ورسره ظلم کوی۔ که تاسو هلته

اوګورئ، هغلته کښې معمولی صنعتونه وو، د سلک کارخانې وې، هغه بندې پرتې دی، نن تاسو صنعتی ورې ورې کارخانې ایبټ آباد او بل ځائې ته دا هم خیر دے د دې صوبې خلق دی خو که تاسو هغې ته مو پام اوکړو په هغې کښې سلام پور یوه علاقه ده چې هغې کښې ښځې او سړی یو شان کارونه کوی او هغه که تاسو اوکتو نو د هغې څادرونه او د هغې کپړې زما دې ټولو ورونړو ته به پته وی چې هغه څومره مشهوره ده او څومره صفا ده، نو که تاسو په دې خپل بجټ کښې د هغې د پاره څه ایښودی وو نو دا به ډیره زیاته مهربانی وی۔ هغه بل ورځ دلته سی ایم صاحب اووئیل چې یره وونې د پیښور د پاره داسې مثال لری لکه بچی چې د خلقو مړ کوی څوک او مونږ هم وونې غواړو، مونږه ودانی غواړو، مونږ هم ګلونه غواړوخو په سوات کښې داسې علاقې دی، زه به درته اوویم "مټه" چې هلته کښې لرګے نشته دے، ګیس نشته دے نو خلق به څه کوی؟ هم د غه وونې کټ کوی نو که تاسو مهربانی کړې وے او "مټے" طرف ته تاسو ګیس ورکړے وے نو خلقو به ولې وونې کټ کولې؟ چې وونې نه کټ کوی، ګیس خو خانه! ډیر ګران دے، دا د هغه خلقو، د غریبو د خلقو د پاره بالکل د وس د خبره نه ده۔ سپیکر صاحب! بیا تاسو پرې ټیکس لګولے دے په غریبانانو باندې، که په خانانو باندې لګیدلے وو بیا هم څه خبره وه، ما به وئیل چې ځه خیر دے ورکولے شی، یو طرف نه به هغوی ته ریلیف ملاؤ شی، او ملاویږی هم ورته خو په غریبو خلقو باندې چې تاسو اتهاره مرله نه د پاسه دا ټیکس لګولے دے نو دا په علاقو کښې لګولے دے، په علاقو کښې داسې غریبانان دی چې هغه ټول عمر د یو خان مزدوری اوکړی نو هغه به ځان له یو کنال کور واخلی نو هغه به په هغه کنال کور باندې ټیکس ورکوی که نه خپل بچی به ساتی، پرې دارو درمل به کوی او که نه هغه خپل حیاء عزت به ساتی؟ سپیکر صاحب! دا ډیره زیاته زیاتی ده۔ بل تاسو یو ریلیف ورکړے دے د غریبانانو د پاره په اوړو او په چینو، نو سپیکر صاحب! تاسو په کچن کښې یا د دې ممبرانو په کچن صرف اوړه او چینی دی چې غریب به په هغې ګزاره کوی؟ نه سپیکر صاحب! داسې ډیر څیزونو باندې تاسو هغوی له پکار دی چې څه ریلیف خو ورکړے کنه، روژه

را روانه ده او بد حال دے۔ نو مهربانی او کړئ په دې لړه نظر ثانی او کړئ نو ډیره مهربانی به وی ستا سو۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جناب سراج الحق صاحب۔ (تالیاں) بہت لمبے انتظار کے بعد۔

جناب سراج الحق {سینئیر وزیر (خزانہ)}: الحمد للہ رب العالمین۔ اما بعد فَاعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ وَشَاوِرۡهُمۡ فِى ٱلۡأَمۡرِ‌ۖ فَإِذَا عَزَمۡتَ فَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِ‌ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُتَوَكِّلِينَ جناب سپیکر صاحب، معزز اراکین اسمبلی! جمہوریت ایک ایسی طرز حکومت ہے جس میں تمام معاملات مشاورت کے ساتھ چلائے جاتے ہیں اور یہ اللہ کا حکم ہے کہ اپنے امور میں مشاورت کر لو، جب یکسوئی ہو جائے تو پھر اللہ پر اعتماد کرو۔ اسلامی جمہوری نظام بھی مشاورت پر ہے، تنقید پر ہے، محاسبے پر ہے اور تنقید اور محاسبہ کرنا زندہ قوموں کی علامت بھی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں سپیکر صاحب! کشمکش نہ ہو، شور شرابہ نہ ہو، وہ قبرستان ہی ہو سکتا ہے۔ اقبال نے فرمایا کہ:

؎ جس میں نہ ہو انقلاب موت ہے وہ زندگی روح امم کی حیات کشمکش انقلاب

تو یہ کشمکش اور انقلاب اور در انقلاب، یہ زندگی کی علامت ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جو اپوزیشن ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے لئے ایک آئینہ ہے اور ہر فرد کو بھی آئینے کی ضرورت ہے اور حکومت کیلئے بھی، اس لئے ان کی تجاویز سننا، ان کے نرم اور گرم الفاظ سننا ہمارے لئے ایک اثاثہ ہیں اور یہی ہماری کوتاہیوں کا علاج ہے۔ یہاں 2002ء کی اسمبلی میں ایک ممبر اسمبلی نے تین سال بالکل بات نہیں کی تو میں نے ان سے کہا کہ آپ تقریر کر لیں، انہوں نے کہا کہ میں کیا تقریر کروں؟ وہ اپوزیشن میں تھے تو ان دنوں میں میں وزیر جنگلات بھی تھا، تو اپنے خلاف ایک تقریر ان کے ہاتھ میں تھما دی اور میں نے کہا کہ کل اسمبلی میں آپ کھڑے ہو میرے خلاف تقریر کر لیں اور جب اس نے بولنا شروع کیا پھر مسلسل بولتے رہے اور ہم ہمیشہ اس کو Appreciate کرتے رہے، شاباش دیتے رہے، اس لئے بڑا پن یہی ہے کہ انسان تنقید سن لے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو تنقید نہیں سن سکتا ہے، برداشت نہیں کر سکتا ہے تو ایک جمہوری معاشرے میں زندگی نہیں گزار سکتا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ ہمارے اس بجٹ پر جناب سپیکر صاحب! 43 ممبران اسمبلی نے بات کی ہے، میں سب کا نام بھی لے لیتا لیکن وقت کی کمی ہے، اپوزیشن لیڈر جناب مولانا لطف الرحمان صاحب، سردار اورنگزیب نلوٹھا، جناب سکندر حیات صاحب، محمد علی شاہ باچا، سردار حسین بابک صاحب اور ہماری

انتہائی محترم خواتین اور اقلیتوں کے ممبران نے بات کی ہے اور مجموعی طور پر گزشتہ بجٹ کی نسبت اس پر زیادہ اچھی گفتگو ہوئی ہے جس کو میں Appreciate کرتا ہوں (تالیاں) اور میں کہنا چاہتا ہوں کہ اپوزیشن ممبرز نے تقریر کی ہے یا ہماری سرکار کی طرف سے، آپ کی تمام تقاریر صدا بہ صحرا نہیں ہیں، ہماری اسمبلی کے سیکشن نے اس کو ریکارڈ کیا ہے اور میں ان کو Advice کروں گا، تجویز دونگا کہ جس جس محکمے پر ہمارے ممبران اسمبلی نے بات کی ہے، تنقید کی ہے یا تجویز دی ہے، وہ تمام تقاریر، ان نکات پر مشتمل متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو جانا چاہیے اور پھر میں اپنے منسٹر صاحبان سے بھی درخواست کروں گا کہ اپنے اپنے محکموں سے متعلق ان تجاویز کو اپنے سیکرٹریوں کے ساتھ ڈسکس کر لیں اور ضرورت یہ ہے کہ ہم آئندہ آنے والے دنوں میں ان سے راہنمائی بھی لے لیں اور آنے والے بجٹ میں یا اپنے لائحہ عمل میں اس کو جگہ بھی دیدیں۔ جناب سپیکر صاحب! اللہ تعالیٰ نے انسان کو خلیفہ بنایا ہے، اختیارات بھی دیئے اور ضروریات بھی دی ہیں اور پہلے انسان کو یہی کہا گیا کہ زمین میں جو کچھ بھی ہے، یہ آپ کیلئے ہے، یہ ایک لحاظ سے پیغام تھا، یہاں کے وسائل اور ذرائع کو اپنی ضروریات کیلئے استعمال کرنا، یہ جو آدم سمتھ اور رابنز نے معشیت کی تعریف بڑے مختصر الفاظ میں کی ہے لیکن بہت اچھی ہے کہ قلیل وسائل کو اپنے زیادہ مسائل کیلئے استعمال کرنا اور Manage کرنا یہی معیشت ہے میں سمجھتا ہوں کہ بجٹ بھی اسی کا نام ہے کہ ہم کس طرح اپنی ضروریات کو اور اپنے مسائل کو ایک دوسرے کیلئے Manage کر لیں۔ جناب سپیکر صاحب! خیبر پختونخوا یہ جنوبی ایشیاء کا اور مغربی ایشیاء کا ایک سنگم ہے اور یہ وسطی ایشیاء کیلئے ایک رابطے کا ذریعہ ہے اور ہمیں فخر ہے کہ یہاں کی جو تہذیب ہے، وہ سب سے پرانی باوقار تہذیب ہے اور یہاں کے لوگ غیر تمند اور بہادر بھی ہیں اور جراتمند بھی ہیں اور مہمان نواز بھی ہیں اور اللہ تعالیٰ اتنی صلاحیتوں سے اس قوم کو نوازا ہے کہ اتنی مصیبتیں جو گزشتہ دس پندرہ سالوں میں اس قوم پر پڑی ہیں، اگر یہ کسی اور قوم پر آتیں تو بالکل وہ علاقہ چھوڑنے پر مجبور ہوتی۔ یہاں 1979ء میں ایک بہت بڑی تعداد میں تاریخ کا سب سے بڑا انسانوں کا ریلہ یہ خیبر پختونخوا کی طرف آیا تھا لیکن یہاں کے لوگوں نے نہ صرف اس کو برداشت کیا، ویلکم کیا، ان کی خدمت کی لیکن بہرحال اتنی بڑی لاکھوں کی تعداد میں افغان مہاجرین کے آنے کی وجہ سے ایک بہت بڑا معاشی نقصان اس صوبے کو پہنچا۔ جناب سپیکر! اس کے بعد ایک تباہ کن زلزلے سے ہم دوچار ہو گئے جس

نے ہمارے سکولز کو، کالجز کو، سڑکوں کو، پلوں کو، ہر چیز کو تباہ و برباد کیا اور ابھی ہم اس سے نہیں سنبھلے تھے کہ 2010ء میں شدید سیلاب آیا اور ابھی سیلاب کی تباہ کاریوں کا علاج نہیں ہوا تھا کہ پھر بدامنی کا ایک دور شروع ہو گیا اور سیلاب کا بھی ایک جھٹکا ہوتا ہے، زلزلے کا بھی ایک جھٹکا ہوتا ہے لیکن یہ جو بدامنی کی وجہ سے یہاں آج بھی صورتحال اور کل بھی تھی، موجودہ حکومت بھی اور گزشتہ حکومتیں بھی ان کی وجہ سے ہمیشہ پریشان رہی ہیں اور ان کی جو روٹین ہے اور معمول کا جو بجٹ پہلی حکومتوں کا اور آج کی حکومتوں کا اس سیچویشن کی وجہ سے ہمیشہ متاثر رہا۔ محترم سپیکر صاحب! بجٹ کیا ہے؟ یہ ایک آئینی ذمہ داری بھی ہے، ایک سال کیلئے بھی اور طویل المعیاد منصوبہ بندی بھی ضروری ہوتی ہے لیکن ویسے آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں، میں فنانس منسٹر ہوں اور میں تو چاہتا ہوں کہ ہم اپنے ذرائع ابلاغ کو اس طرح استعمال کریں کہ ہر فرد اپنے لئے اور اپنے خاندان کیلئے ایک لمبے عرصے کا بجٹ بنانے کے قابل ہو جائے لیکن خیر میں سرکار کی بات کرتا ہوں، یہاں ایک بجٹ کا Circular ہوتا ہے سپیکر صاحب، فنانس کی طرف سے وہ تمام محکموں کو بھیجا جاتا ہے، اس میں کیا ہوتا ہے؟ اس میں یہی ہوتا ہے کہ آپ کے محکمے کیلئے اس سیشن میں اتنا پیسہ ہے، لہذا آپ اس پیسے کے اندر اپنا پروگرام دیدیں اور جناب سپیکر صاحب! اس طرح ترقیاتی بجٹ، ظاہر ہے ہمارے یعنی حبیب الرحمان خان نے تو بات کی ہے کہ زیادہ لوگوں نے ٹیکنکل بات نہیں کی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس بار ترقیاتی بجٹ کے علاوہ ممبران اسمبلی نے عمومی بجٹ پر بات کی ہے تو پی اینڈ ڈی کا جو پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کا ہمارا محکمہ ہے، اس کو کہا جاتا ہے کہ اس سیشن میں آپ کیلئے ترقیاتی بجٹ یہ ہے، وہ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کا جو ڈیپارٹمنٹ ہے، وہ پھر تمام محکموں سے، وہ ایجوکیشن کا محکمہ ہو، وہ ہیلتھ کا محکمہ ہو، وہ ایریگیشن کا محکمہ ہو، دوسرے محکمہ جات ہیں، ان سے ترقیاتی سکیمیں وہ اکٹھا کرتا ہے اور پھر اس کا تجزیہ بھی وہ کرتا ہے اور پھر وہی اصل میں جو ترقیاتی ایک بجٹ جسے ہم کہتے ہیں تو وہ تیار کرتا ہے۔ میرے محترم سپیکر صاحب! سب سے بڑا سوال جو ہمارے لیڈر آف دی اپوزیشن نے اٹھایا تھا اور وہ یہ کہ آپ کے وسائل کہاں ہیں؟ اور محاصل آپ کے نہیں ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات بجا بھی ہے لیکن آپ کے علم میں ہو کہ ہمارے تمام تر وسائل کے 95 فیصد وسائل اور محاصل جو ہیں، وہ مرکز پر Depend ہیں اور جب ہم کہتے ہیں کہ مرکز پہ Depend ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم کوئی خیرات مانگ رہے ہیں بلکہ مرکز کے

ساتھ ہمارا یہ حق ہوتا ہے، بہر حال آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ موجودہ سال جو 30 جون تک ہے، ہمیں مرکز نے کہا تھا کہ ہمارے مجموعی محاصل جو ہونگے، وہ 2475 بلین ہونگے جس میں صوبے کا حصہ 222 بلین بنتا تھا لیکن سال کے دوران بھی پھر وہ 2475 محاصل حاصل نہیں کر سکے اور 2275 انہوں نے کر لئے، اس کی وجہ سے ہمیں بھی 20 ارب روپے کا ایک خسارہ ہوا۔ ظاہر ہے تمام صوبوں کو ہوا لیکن ہمیں بھی ہوا۔ اس سیشن کیلئے بھی انہوں نے ہمیں ایک ہدف دیا ہے، جناب سپیکر صاحب! اس سیشن میں مرکز سے ہمیں کل 328 ارب روپے ملیں گے اور اس طرح صوبائی سطح پر ہم 29 بلین اکٹھے کرینگے اور اس طرح ہم نے انہی محاصل کو بنیاد بنا کر اپنے اخراجات کا ایک پروگرام، ایک لائحہ عمل ترتیب دیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اللہ کا شکر ہے کہ خیبر پختونخوا قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، یہاں 18 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کیلئے ہمارے ساتھ Feasible مقامات موجود ہیں، تیل اور گیس کے بے شمار ذخائر موجود ہیں اور اس طرح ٹورازم کی بے شمار ہمارے ساتھ جگہیں موجود ہیں، ہزارہ ڈویژن میں بھی ہیں، سوات اور دیر میں بھی ہیں اور اس طرح جنوبی اضلاع میں بھی بہت خوبصورت جگہیں موجود ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے ان کو استعمال کیا تو ہم بہت زیادہ ترقی کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر، اب یہ 404.8 بلین کا بجٹ ہے، اگر میں ایک فنانس کے طالب علم کی حیثیت سے بات کروں تو اگر یہ 404 بلین کا بجٹ ایک ڈیرہ اسماعیل خان پر بھی خرچ کیا جائے تو میرے خیال میں اس سے ایک ڈیرہ اسماعیل خان ضلع کے مسائل بھی حل نہیں ہو سکتے، یہ بالکل میں اس چادر کے مطابق سمجھتا ہوں کہ اگر پاؤں پر ڈالی جائے تو سر خالی اور اگر سر کی طرف کھینچی جائے تو پھر پاؤں خالی، لیکن اس تمام صورتحال کے باوجود بھی ہم نے کوشش کی ہے کہ ہر سیکٹر کو اس میں حصہ دیا جائے۔ جناب سپیکر، میں آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ پہلی بار گیس اور تیل کی تلاش کیلئے کمپنی بنائی گئی ہے اور اس طرح بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بنایا گیا ہے تاکہ خیبر پختونخوا میں گیس اور تیل کی تلاش کا کام بھی ہو اور تجارت اور انوسٹمنٹ کی طرف بھی ہم توجہ دے سکیں۔ جناب سپیکر صاحب! ممبران اسمبلی کو معلوم ہے کہ بجلی کا جو خالص منافع ہے، یہ ہمارا ایک حق ہے اور یہ کیس کیا ہے؟ ہمارا Claim یہ ہے کہ ایک یونٹ پر جو خرچہ آتا ہے ہماری بجلی کا، جو خیبر پختونخوا میں پیدا ہوتی ہے، اس کے اخراجات منہا کر کے باقی اس کی جو بھی آمدن ہے، وہ خیبر پختونخوا کے حوالے کیا جائے، مرکز کے ساتھ ہمارا یہ مسئلہ ہے

اور ایک جی این قاضی فارمولے کے مطابق آج بھی جب ہم حساب کتاب کرتے ہیں تو ہمارا مجموعی حق بھی جو مرکز پر واجب الاادارقم ہے، وہ 550 بلین سے زیادہ بنتا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہمارا صرف یہی ایک حصہ بھی مرکز فراخدلی کا مظاہرہ کر کے ہمیں دیدے تو ہمارے وارے نیارے ہو سکتے ہیں اور ہمارے سارے مسائل حل ہو سکتے ہیں لیکن جناب والا! یہ میرے ایک بھائی نے کوئسچن کیا تھا کہ کیسے ممکن ہے کہ آپ کو اتنا بڑا پیسہ ملے گا؟ تو ہم نے 550 بلین اپنے بجٹ میں نہیں رکھا ہے، ہم نے صرف وہ پیسہ رکھا ہے جو مرکز کی اپنی قائم کردہ ٹیکنکل کمیٹی نے تسلیم کیا ہے کہ اب بھی مرکز نے خیبر پختونخوا کو 140 بلین دینے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کی خدمت میں یہ رکھنا چاہتا ہوں کہ 2002 میں بھی جب میں فنانس منسٹر تھا تو تمام لوگوں کو ساتھ ملا کر اس کیلئے ہم نے جدوجہد کی تھی اور اس جدوجہد کے نتیجے میں 110 بلین مرکز نے دیئے تھے جو اس وقت ایم ایم اے کی حکومت کو، ہمیں تو نہیں ملے لیکن ہمارے بعد جو اے این پی کی حکومت تھی اور پیپلز پارٹی کی حکومت تھی، انہوں نے 110 بلین روپے لے لیے، انہوں نے Use کئے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہماری اس جدوجہد کا ایک ثمر ہے اور آج بھی اس گزشتہ نو دس مہینوں میں جناب سپیکر صاحب! میں نے اس حق کے حصول کیلئے تمام سابقہ فنانس منسٹرز کو اکٹھا کیا، میں نے اسمبلی میں موجود آنریبل اپوزیشن جتنے بھی پارلیمانی لیڈرز ہیں، ان کو اکٹھا کیا، پھر اسلام آباد میں ایک جرگہ بھی کیا، ایم این ایز اور سینیٹرز پر مشتمل، پھر جناب وزیراعظم صاحب سے ملاقات، جناب وزیر خزانہ سے ملاقات اور الحمداللہ اس جدوجہد کا یہ ثمر ضرور نکلا ہے کہ اب تو اسحاق ڈار صاحب مرکزی وزیر خزانہ نے ہمارے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ بجٹ کے بعد جولائی کے مہینے میں ہم ایک بار پھر بیٹھیں گے اور حساب کتاب کرینگے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ خیبر پختونخوا کی تمام سیاسی جماعتوں نے ہمیشہ صوبے کے حقوق کیلئے ساتھ دیا ہے اور میں امید رکھتا ہوں کہ ان شاءاللہ ہمیشہ آئندہ بھی ہم اس کیلئے ساتھ چلیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، ہمارا جو بجٹ ہے، میں آپ کے علم میں اور ممبران اسمبلی کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ 404.8 بلین کے اس بجٹ میں یعنی ہمارا 265 بلین روپیہ ویسے چلا جاتا ہے، جو اخراجات جاریہ ہے۔ اس میں 30.8 فیصد جناب سپیکر صاحب! پنشن میں چلا جاتا ہے اور باقی تنخواہوں میں چلا جاتا ہے اور اس لئے ایک بہت کم پیسہ ہمارے صوبے میں ترقیاتی کاموں کیلئے رہ جاتا ہے لیکن میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں ہمارے پارلیمانی لیڈر نے ہم سے

پوچھا کہ آپ باہر کے پیسے پر Dependent ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ مرکز کا ایک معاہدہ ہے بین الاقوامی دنیا سے اور اس کی بنیاد پر ساری دنیا ایک دوسرے کے ساتھ یہی Relation رکھتی ہے، قرضے دیتے بھی ہیں اور قرضے لیتے بھی ہیں اور اس سال بھی 39.8 فیصد وہ ہمیں دے گا اور 139.8 فیصد کا مجموعی ترقیاتی بجٹ ہم نے طے کیا ہے، فیصلہ کیا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ اس پہ خرچ ہو گا۔ میرے ایک بھائی نے ایک کوئسچن کیا تھا، لطف الرحمان صاحب نے کہ 12 بلین کا شارٹ فال آپ نے کیوں رکھا ہے؟ ان کے علم میں ہونا چاہیے کہ خود پنجاب کے بجٹ میں بھی 30 ارب سے زیادہ شارٹ فال ہے لیکن الحمد اللہ پہلے سے ہمارے ساتھ اس کی اماؤنٹ موجود ہے اس لئے ہم نے بجٹ میں اس کو رکھا ہے۔ محترم سپیکر صاحب! ایک دلچسپ بات آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں اور ممبران اسمبلی کے کہ اس وقت اس صوبے پر قرضہ کتنا ہے؟ میں جب آیا تھا یعنی ہماری یہ حکومت جب قائم ہوئی تھی تو ہمارے اس صوبے پہ 132 ارب کا قرضہ تھا، جناب سپیکر صاحب! 132 ارب کا قرضہ لیکن ہم نے اس فنانشل ایئر میں کفایت شعاری کا فنانس کے مینجمنٹ سے کام لیکر چار بلین ہم نے واپس کر دیا ہے اور ایک 132 کا قرضہ کم ہو کر اب ہم پر 128 بلین کا قرضہ ہے۔ (تالیاں) میں آپ کے علم میں چاہتا ہوں کہ 2002 میں بھی جب میں فنانس منسٹر بنا تو اس وقت خیبر پختونخوا پر 70 بلین کا قرضہ تھا لیکن ان پانچ سالوں میں ہم نے 70 بلین کا قرضہ کم کر کے 60 بلین پر لایا تھا۔ 2006 میں ہم نے استعفیٰ دیا تھا اور اب جب ہم دوبارہ حکومت میں آئے تو 60 بلین کا قرضہ بڑھ کر حالات کی وجہ سے 132 بلین پر پہنچا تھا۔۔۔۔

(جمعہ کی اذان)

سینیئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر! اب تو میں پانچ منٹ لونگا اس لئے کہ جمعہ کا دن ہے، بہر حال آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ اس فنانشل ایئر میں ہم نے چار بلین کا قرضہ واپس، اور اب بھی میں کہنا چاہتا ہوں کہ اگر مرکزی حکومت ہمیں اجازت دیدے تو جس شرح سود پر اس کا قرضہ ہم پہ پڑا ہے، ہمیں اجازت دیدے تاکہ ہم بینکوں سے اور پیسے لے لیں تو اس کا یہ سارا قرضہ ہم واپس کر سکتے ہیں لیکن افسوس یہ ہے کہ مرکز کو قرضہ دینے کیلئے بھی مرکز سے اجازت لینا پڑتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اب میں مزید آگے بڑھتا ہوں کہ یہ جو اے ڈی پی ہے، اس میں امبریلا سکیمز ہیں اور امبریلا سب کیلئے ہے اور ہمارے پی اینڈ ڈی

ڈیپارٹمنٹ نے جو سکیمز ڈالی بھی ہیں تو اس انداز سے ڈالی ہیں کہ ہمارے اگر 99 حلقے ہیں تو اس میں پھر تقسیم ہوں، مثلاً 100 پرائمری سکولز ہیں، 100 اس میں مڈل سکولز ہیں، 100 ہائی سکولز اپ گریڈ کرنا تو اسی ترتیب سے ڈالی گئی ہیں تاکہ تمام ایم پی ایز کو اس میں اپنا حصہ ملے۔ ایک سیکٹر ایسا ہے جو محترم وزیر اعلیٰ نے پہلے سے اس کو Divide کیا ہے اور وہ سڑک کا وہ سیکٹر ہے، باقی تمام کا تمام امبریلا ہے As a Finance Minister میں محسوس کرتا ہوں اور ہم نے ایم ایم اے کے دور میں بھی اس کا آغاز کیا تھا لیکن آج پھر میں کھل کر اس کا اظہار کرتا ہوں کہ امبریلا سکیم بنانا، یہ کوئی Progressive system نہیں ہے اور ہمیں آئندہ کیلئے کم از کم اس طرح کی سکیمز کو پہلے سے ڈالنا چاہیے جو Need basis ہوں جس کیلئے ڈیپارٹمنٹ کو پہلے سے کام کرنا پڑیگا، ایک پورا معاشی اور ترقی سروے پورے صوبے کا کرنا پڑیگا اور اسی کی بنیاد پر ہمیں وسائل تقسیم کرنا پڑیں گے لیکن بہرحال امبریلا سکیمز میں بھی ماضی میں تمام لیڈرز، تمام ممبران کو Accommodate کیا گیا ہے اور میرا یقین ہے ان شاء اللہ تعالیٰ کہ آئندہ بھی اس کا خیال رکھا جائے گا، خواہ کوئی اپوزیشن میں ہو یا حکومت اور سرکار سے تعلق رکھتا ہو۔ جناب سپیکر صاحب! ہم نے اپنے وسائل کے مطابق دس فیصد اضافہ کیا ہے تنخواہوں میں، دس فیصد اضافہ کیا ہے پنشن میں لیکن ایک بار پھر میں اس چیز کا اعلان کرونگا کہ جتنے بھی ملازمین ہیں، ان کے سروس سٹرکچر کے پرابلمز، ان کی اپ گریڈیشن کے پرابلمز، کلرکس کا مسئلہ تو حل ہوا لیکن ہر ڈیپارٹمنٹ کے لوگوں نے مطالبے شروع کئے ہیں، اس لئے ہم نے اس ایشو کو مستقل طور پر حل کرنے کیلئے چیف سیکرٹری کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ وہ 90 دنوں کے اندر ایک مکمل رپورٹ پیش کرکے، لہذا میں آج کے اس اجلاس میں تمام ملازمین کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ کوئی ناانصافی ان کے ساتھ نہیں ہوگی اور جو ان کا حق بنتا ہے (تالیاں) ان شاء اللہ تعالیٰ ان کو ضرور مفت ملے گا۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتا ہوں کہ جہاں ہمارے دوستوں کو یعنی اعتراض کرنا چاہیے تھا، وہاں اگر اس میں کوئی اچھی چیز ہے تو اس پر بھی انگلی نہیں رکھنی چاہیے، اس کا اعتراف کرنا چاہیے اور وہ یہ کہ یہ بجٹ جو ہے، یہ ایک غریب پرور بجٹ ہے جناب سپیکر صاحب، اس لئے کہ اس میں پہلی بار چھ بلین کی بہت بڑی رقم یہ غریبوں کیلئے رکھی گئی اور ایک کلو گھی میں 40 روپے سبسڈی اور ایک کلو آٹا میں دس روپے سبسڈی میں سمجھتا ہوں کسی بھی صوبے نے یہ کام نہیں کیا،

یہ کام خیبر پختونخوا نے کیا(تالیاں) اور ٹھیک ہے خوشحال لوگوں کیلئے یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے لیکن وہ کہتے ہیں کہ :

گندم امیر شہر کی ہوتی رہی خراب — بیٹی کسی غریب کی فاقوں سے مر گئی

میں نے تھر میں یہ دیکھا ہے، میں نے سندھ میں یہ دیکھا ہے کہ جہاں ایک طرف جشن ہوتے تھے اور دوسری طرف فاقوں سے لوگ مر رہے تھے اس لئے ہم نہیں چاہتے ہیں کہ اس طرح لوگ فاقوں سے مریں، یہ ہمارے لئے شرم کی بات ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ان شاءاللہ تعالیٰ آئندہ سیشن میں اس سے بڑا حصہ ہم رکھیں گے لیکن بہر حال اس سال ہم نے چھ بلین کا پیسہ صرف اور صرف ان غریبوں کیلئے کے رکھا ہے جن پر گاؤں کے سب لوگ متفق ہوتے ہیں کہ ہاں یہ محتاج اور غریب لوگ ہیں۔ (تالیاں) اس طرح مزدوروں کی اجرت میں 12 ہزار کا اضافہ ہوا اور میں اعتراف کرتا ہوں کہ گزشتہ سال بھی حکومت نے اعلان کیا تھا لیکن پھر بھی بعض ایسے ادارے تھے جنہوں نے اس اعلان کو Honour نہیں کیا، اب کی بار وزیر اعلیٰ نے اس کیلئے ایک ٹاسک دیا ہے کہ ان تمام اداروں کا پتہ چلالیں کہ کون ہیں جو اپنے مزدور کو 12 ہزار تنخواہ نہیں دیں گے، ان کے خلاف ایکشن اور کارروائی ہوگی، (تالیاں) اس لئے کہ مزدور ہر طرح سے ہماری طرف سے امداد کے مستحق ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا، جناب سپیکر صاحب، پہلی بار ہم نے ایک 111 ارب روپے یعنی 404 بلین میں 111 گیارہ ارب روپے تعلیم پر خرچ کرنا، یہ بہت بڑا انقلاب ہے، (تالیاں) یہ بہت بڑی تبدیلی ہے اور اس طرح میں Appreciate کرتا ہوں اس آئیڈیا کو کہ ہم مزید بڑے ہسپتال بنانے کی بجائے جو پہلے سے ہسپتال ہیں، ان کو بہتر بنائینگے اور ہم چیلنج کرینگے سیشن کے اختتام پر کہ کونسا وہ ہسپتال ہے جس میں ڈاکٹرز کی کمی ہے یا جس میں دوائی کی کمی یا جس میں Equipments کی کمی ہے؟ ہم نے اس کیلئے 25 ارب 21 کروڑ روپے رکھے ہیں، (تالیاں) ان شاء تعالیٰ اس سے ہمارے خیبر پختونخوا کے عوام کو علاج کے حوالے سے سہولیات ملیں گی۔ ایک بڑا کو نسپین یہ ہے کہ خواتین کیلئے کچھ نہیں ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ سارا بجٹ ہی خواتین کیلئے ہے اس لئے کہ خواتین کیلئے یا ان کے بیٹے بھی استعمال کرینگے، انکے بچے استعمال کرینگے، ان کے بھائی استعمال کرینگے، ان کے شوہر بھی استعمال کرینگے، وہ خود بھی استعمال کرینگے (تالیاں) لیکن اس کے علاوہ

بھی الحمد اللہ ایک بلین سے زیادہ ان کیلئے رکھا گیا ہے اور خواتین کے بغیر تو دنیا ترقی نہیں کر سکتی، آگے نہیں بڑھ سکتی ہے (تالیاں) اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ کو خواتین اپنا بجٹ کہہ دیں اور اس پر فخر کرلیں اور اس پر خوشی کا اظہار کرلیں۔ (تالیاں) اس طرح اس صوبے میں ہیومن رائٹس اور پورے صوبے میں ہیومن رائٹس کا مسئلہ ہے لیکن پہلی بار ہم نے طے کیا ہے کہ ہیومن رائٹس کے حوالے سے ہم 17 اضلاع میں دفاتر قائم کر رہے ہیں تاکہ کسی بھی غریب سے غریب تر آدمی کا Right کوئی ضائع نہ کرلے (تالیاں) اس کیلئے بھی ہم نے انتظام کیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، آخر میں میں بات کروں کہ میں درخواست کرونگا تمام ممبران اسمبلی سے کہ ایک بار پھر وہ اے ڈی پی کو اٹھا کر دیکھ لیں اور میرے حلقے کو بھی دیکھ لیں اور پھر دوسروں کو بھی دیکھ لیں، محترمہ ثوبیہ خان نے، میں سمجھتا ہوں کہ ایک انصاف کا، میں سوچ رہا تھا کہ وہ کیوں میرے حلقے کی بات کر رہی ہیں؟ تو مجھے یاد آیا کہ ایک زمانے میں حضور ﷺ جب ایک غار میں تھے تو ایک پرندے نے آکر آپ ﷺ کا دفاع کیا تھا، آج ہماری ایک Sister، ایک بہن نے وہ سارا آئینہ قوم کو دکھایا کہ جس طرح دوسروں کو دیا گیا اسی طرح سراج الحق نے بھی، اور میں نے بھی اگر سڑک، تو وہ وزیر اعلیٰ کو اپنی ڈیمانڈ دی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اس سال اتنی زیادہ سڑکیں ہم نے رکھی ہیں کہ جن ممبران اسمبلی نے وہ گلہ کیا، میرے صوابی کے ایک بھتیجے نے گلہ کیا، میرے بٹگرام کے ساتھی نے گلہ کیا، میں نے سارے Note کئے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ ہماری کیبنیٹ کا یہ Decision ہے کہ ہم تمام جو پسماندہ، غریب اور محروم علاقے ہیں، ان پر فوکس کرینگے اور کسی کو شکایت کرنے کا موقع نہیں دینگے۔ محترم! 1122 کے حوالے سے بھی ریاض خان نے بات کی، جو اپنا ترانہ کہہ کر میرے خیال میں نکل گئے ہیں، ہمارا یہ عزم ہے کہ اس سال ہم تین اضلاع میں قائم کر رہے ہیں اور آئندہ سال مزید تین اضلاع میں، بہر حال ہر ڈویژن کو پہلے فوکس کر رہے ہیں اور ہر ضلع کو ان شاء اللہ تعالیٰ، میں چاہتا تھا کہ اس پر تفصیل سے بات کروں لیکن جمعہ کے دن کے احترام میں اسی پر اکتفا کرتا ہوں اور سپیکر صاحب! آخر میں اتنا کہونگا کہ:

؎ گرچہ اس چمن کو ہم گلزار نہ کر سکے — کچھ خار تو کم کر دیئے جدھر سے گزرے ہم

والسلام علیکم ورحمتہ اللہ۔

جناب سپیکر: کل کیلئے اجلاس Adjourn کیا جاتا ہے، دس بجے ان شاءاللہ تعالیٰ۔

---

(اجلاس بروز ہفتہ مورخہ 21 جون 2014 صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)